# WINDOWS 7 TUTORIALS & TIPS SERIES

# ونڈوز سیون ٹیوٹوریلز اینڈ ٹپس سیریز

پیشکش: آئی ایم حماد المعروف معصوم بچہ

## Windows 7

Tutorials & Tips Series

By:
~I*Am*Hummad~

ونڈوز سیون کے مختلف فیچرز کے حوالے سے معصوم بچے کے ہلکے پھلکے
اور آسان فہم الفاظ میں پیش کیئے گئے تھریڈز کا مجموعہ اب کتابی شکل میں

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست؟ امید کرتا ہوں بالکل خیریت سے ہوں گے۔۔اللہ پاک سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین۔

دوستو! ایک وقت تھا، کہ ونڈوز ایکس پی اپنے عروج پر ہوا کرتی تھی۔ونڈوز نائینٹی ایٹ کے بعد سب سے زیادہ جس ونڈوز نے شہرت پائی، وہ ونڈوز ایکس پی ہی تھی۔اس کی سب سے بڑی وجہ اُس کے گرافکس تھے۔ونڈوز ایکس پی کی شہرت اس قدر زیادہ ہوئی، کہ ونڈوز وسٹا کے لانچ ہونے کے بعد بھی اکثر یوزرز نے اس نئے آپریٹنگ سسٹم پر زیادہ توجہ نہیں دی۔لیکن جیسے ہی ونڈوز سیون لانچ ہوئی، اس کے گرافکس، اسکی خوبصورتی، اس کے انٹرنل فیچرز جس کی نظر میں بھی آئے، اُس نے اس میں دلچسپی ضرور لی۔ ونڈوز سیون کے بارے میں دلچسپی لینے کے بعد جس جس کا کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ ونڈوز سیون انسٹال ہونے کے لئے دی گئی ریکوائرمنٹس کو پورا کرتا تھا، اُن میں سے بہت سے لوگوں نے ونڈوز سیون کو انسٹال کرلیا۔مگر چونکہ وہ لوگ ڈائریکٹ ایکس پی سے سیون پر منتقل ہوئے تھے، تو اُن کو بلکل نئی شکل وصورت رکھنے والی اس ونڈو کو استعمال کرنے میں قدرے دشواری کا سامنا بھی کرنا پڑا۔اس دشواری کو دور کرنے کی خاطر دنیا بھر میں لوگوں نے اپنی اپنی زبان میں ٹیوٹوریلز لکھے، ٹپس لکھیں، اور انٹرنیٹ پر پھیلا دیں۔مگر اردو سمجھنے والے یوزرز خصوصاً اُردو فورمز کے یوزرز کے پاس سوائے چند فیچرز کے، کوئی خاص ٹپس یا ٹیوٹوریلز مجموعہ موجود نہ تھا۔ایسے میں استادِ محترم بشیر صاحب نے معصوم بچے کے کان کھینچ کر اس کو باور کروایا کہ اگرچہ تم ایک چھوٹی سی چیز ہو، مگر اس بارش کا پہلا قطرہ تم بن سکتے ہو۔یقیناً تمہارے بعد ایسے ایسے لوگ اس میدان میں آگے آئیں گے، جن کو دیکھ کر تمہارا ادب کی وجہ سے سر جھک جائے گا۔۔مگر تم اُس چیز کی فکر بالکل نہ کرو بلکہ اپنا مقصد لوگوں کی مدد اور ان کی دعائیں لینا رکھو۔کسی کی مدد تو معصوم بچہ کیا کر سکتا تھا، لیکن اُس نے اپنی تمام تر توجہ ممبرز کی دعائیں لینے پر مرکوز کردی۔۔یہی وجہ ہے کہ آپ کو معصوم بچے کے دھاگوں میں ایسے الفاظ بھی دکھائی نہیں دیتے کہ ریپوٹیشن ایڈ کرنا مت بھولئے گا یا تھینکس کا بٹن کلک کرنا مت بھولئے گا۔۔یہ چیز ثابت کرتی ہے کہ معصوم بچے کے لئے سب سے بڑا رینک اس کے چاہنے والوں کی طرف سے دی گئی نصیحتیں، فیڈ بیک اور دعائیں ہی ہیں۔

چند دوستوں نے بار بار فرمائش کی، کہ جتنے بھی ونڈوز سیون کے دھاگے لکھے ہیں، ان کو پی ڈی ایف کی صورت میں اکٹھا کر کے پیش کردو۔۔دوستوں کے اسی حکم کی پیروی کرتے ہوئے یہ الیکٹرانک فارمیٹ میں کتاب آپ کے سامنے پیش ہے۔جس کا عنوان بھی دھاگوں کی طرح، **ونڈوز سیون ٹیوٹوریلز اینڈ ٹپس سیریز** ہی رکھا ہے۔آپ کے فیڈ بیک کا منتظر رہوں گا، جو کہ آگے بڑھنے میں مدد دیتا ہے، اور آپ کی قیمتی دعاؤں کا محتاج بھی رہوں گا۔اللہ پاک سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین۔طالبِ دُعا: معصوم بچہ

انتساب:۔یہ کتاب میں اپنی طرف سے اپنے والدین، بہن بھائیوں، استاد بشیر، دیگر تمام اساتذہ کرام، اپنے تمام چاہنے والوں، ریئل لائف اور فورم ورلڈ کے تمام دوستوں کے نام کرتا ہوں۔اللہ سب کو خوش رکھے۔آمین۔

# فہرست مضامین

**(صفحات کے نمبر پی ڈی ایف فائل کے حساب سے لگائے گئے ہیں، ہر اٹیچمنٹ پر الگ سے صفحہ نمبر نہیں لکھا گیا)**

| ٹاپک کا عنوان | صفحات نمبر |
|---|---|
| ٹاپک نمبر ایک:۔ ہر فولڈر کو نئی ونڈو میں کھولنے کا طریقہ | 5 |
| ٹاپک نمبر دو:۔ سنیپنگ ٹول کا تعارف اور استعمال کا طریقہ کار | 8 |
| ٹاپک نمبر تین:۔ سٹارٹ مینیو میں مکمل کنٹرول پینل کو ایکسپینڈ کریں | 10 |
| ٹاپک نمبر چار:۔ ایکسپلورر میں کلاسک مینیو ٹول بار این ایبل کریں | 12 |
| ٹاپک نمبر پانچ:۔ سکرین میگنی فائر کا تعارف اور استعمال کا طریقہ کار | 15 |
| ٹاپک نمبر چھ:۔ فائلز کو چیک باکسز کے ذریعے سلیکٹ کرنے کا طریقہ | 18 |
| ٹاپک نمبر سات:۔ پاور بٹن کی ڈیفالٹ آپشن بدلنا سیکھیں | 21 |
| ٹاپک نمبر آٹھ:۔ فائلز کو خاص تاریخ کے حساب سے سرچ کرنا سیکھیں | 24 |
| ٹاپک نمبر نو:۔ دو اضافی کلاک ایڈ کرنے کا طریقہ | 27 |
| ٹاپک نمبر دس:۔ فولڈرز کو نئے پروسیس میں کھولنے کا طریقہ اور ایسا کرنے کی افادیت | 30 |
| ٹاپک نمبر گیارہ:۔ کھلی ہوئی ونڈوز کو منی مائز کرنے کے مختلف انداز | 35 |
| ٹاپک نمبر بارہ:۔ ونڈوز سیون ٹربل شوٹر کا تعارف اور استعمال کا طریقہ کار | 39 |
| ٹاپک نمبر تیرہ:۔ ایکسپلورر ٹول بار میں مختلف آئیکونز ایڈ کرنا سیکھیں | 45 |
| ٹاپک نمبر چودہ:۔ فولڈر میں فائلز اور ڈاکومینٹس کو ارینج کرنا انتہائی آسان | 51 |
| ٹاپک نمبر پندرہ:۔ گرافکس کو کم کریں اور ونڈو کی پرفارمنس بڑھائیں | 56 |
| ٹاپک نمبر سولہ:۔ گاڈ موڈ کا تعارف، افادیت اور استعمال کا طریقہ کار | 62 |
| ٹاپک نمبر سترہ:۔ سیون کے کیلکولیٹر کے مختلف فیچرز کا پوسٹ مارٹم | 68 |
| ٹاپک نمبر اٹھارہ:۔ کیلکولیٹر میں پائی (Pi) کی ویلیو معلوم کرنا سیکھیں | 76 |
| ٹاپک نمبر انیس:۔ انٹرنیٹ ایکسپلورر نائن کو ان انسٹال کرنا سیکھیں | 78 |

| | |
|---|---|
| ٹاپک نمبر بیس:۔ دوڈرائیوز کے درمیان فائلز کو تیزی سے ٹرانسفر کریں | 82 |
| ٹاپک نمبر اکیس:۔ میموری ڈائنگنا سٹک یوٹیلیٹی کا تعارف اور استعمال | 85 |
| ٹاپک نمبر بائیس:۔ ایرر رپورٹنگ کو ڈس ایبل کرنے کا طریقہ سیکھیں | 87 |
| ٹاپک نمبر تیئس:۔ ریسورس مانیٹر کا تعارف اور اس کا استعمال | 89 |
| ٹاپک نمبر چوبیں:۔ ٹاسک بار کے آئیکونز کو چھوٹا کرنا سیکھیں | 91 |
| ٹاپک نمبر پچیس:۔ ایکس پی کی طرح کے ٹاسک بار آئیکونز بنائیں | 93 |
| ٹاپک نمبر چھبیس:۔ کوئیک لانچ ٹول بار میں پروگرامز ایڈ یا ریموو کریں | 95 |
| ٹاپک نمبر ستائیس:۔ ونڈوز میں ہر جگہ فونٹ سائز کو انکریز یا ڈی کریز کریں | 97 |
| ٹاپک نمبر اٹھائیس:۔ سٹارٹ مینیو میں فائلز، فیچرز اور پروگرامز کو ری نیم کریں | 99 |
| ٹاپک نمبر انتیس:۔ سٹارٹ مینیو سے مختلف آئیٹمز کو ریموو کرنا سیکھیں | 100 |
| ٹاپک نمبر تیس:۔ ونڈوز سیون میں گیسٹ اکاؤنٹ بنانے کا طریقہ | 101 |
| ٹاپک نمبر اکتیس:۔ آئیکونز پر ماؤس لانے سے غیر ضروری معلومات نہیں آئیں گی | 102 |
| ٹاپک نمبر بتیس:۔ ونڈوز ریسٹارٹ کرنے کے بعد پہلے والے فولڈرز اوپن کریں | 104 |
| ٹاپک نمبر تینتیس:۔ ونڈوز سیون کے نوٹی فکیشنز کو کنٹرول کریں | 106 |
| ٹاپک نمبر چونتیس:۔ ونڈوز سیون کی ریپئیر ڈسک بنائیں | 107 |
| ٹاپک نمبر پینتیس:۔ ایکسپلورر ونڈو کو بائے ڈیفالٹ مائی کمپیوٹر میں بدلیں | 109 |
| ٹاپک نمبر چھتیس:۔ ابتدائی دو الفاظ لکھ کے تمام پروگرام اوپن کریں | 111 |
| ٹاپک نمبر سینتیس:۔ خود بخود ڈرائیورز انسٹال ہونے کی آپشن کو آف کریں | 113 |
| ٹاپک نمبر اڑتیس:۔ پروگرامز، فیچرز اور ان کی تمام تفصیل۔ | 114 |
| ٹاپک نمبر انتالیس:۔ کوئیک لانچ ٹول بار کو واضح کرنے کا طریقہ | 115 |
| ٹاپک نمبر چالیس:۔ سرچ کیلئے لکھے گئے الفاظ کو ایکسپلورر فیورٹیز میں ایڈ کریں | 117 |
| ٹاپک نمبر اکتالیس:۔ سٹارٹ مینیو میں ویڈیو کا سیکشن ایڈ کریں | 119 |
| ٹاپک نمبر بیالیس:۔ بہت سے خفیہ فیچرز کو آن کریں | 120 |

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست؟۔امید کرتا ہوں ایمان، صحت ومزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے۔اللہ آپ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین۔


دوستو!اگر آپ ونڈوز سیون میں وسیع پیمانے پر ایک ڈائریکٹری یا فولڈر سے دوسرے فولڈر یا ڈائریکٹری میں فائلز کو موو اور کاپی کرتے رہتے ہیں، تو آپ کو ونڈوز ایکسپلورر میں ہر نئے فولڈر کے کُھلنے کا ڈیفالٹ انداز بلکل پسند نہیں آتا ہوگا۔کیونکہ آپ جانتے ہیں کسی بھی فولڈر پر کلک کرنے سے وہ فولڈر اُسی پہلے والی ونڈو میں اوپن ہو جاتا ہے۔اور بار باراُس فولڈر کو اوپن کرنا جہاں سے کُچھ کاپی کرنا ہو یا جہاں پر کاپی کیا ہوا کچھ پیسٹ کرنا ہو یا جس فولڈر میں فائلز کو موو کرنا ہو،اُن کو بار بار اوپن کرنا ایک دردِسر سے کم نہیں۔اس کے برعکس اگر وہ فولڈر جہاں سے آپ نے فائلز کو کاپی کرنا ہو، اور جہاں آپ نے فائلز کو پیسٹ کرنا ہو، دونوں بیک وقت آپ کے سامنے کھلے ہوں تو اس سے کاپی، کٹ، پیسٹ اور موو جیسے ایکشنز بہت آسانی سے پرفارم ہو جاتے ہیں۔

دوستو!عارضی طور پر تو اگر آپ کسی فولڈر کو نئی ونڈو میں اوپن کرنا چاہیں تو اس کا طریقہ کار نہایت آسان ہے۔بس کسی بھی فولڈر کو نئی ونڈو میں کھولنے سے پہلے کنٹرول کا بٹن دبائیں۔اور پھر اُس فولڈر پر رائٹ کلک کرنے کے بعد Open in new window کا انتخاب کرلیں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔





لیکن دوستو!اگر آپ چاہتے ہیں کہ مستقل طور پر ایسی آپشن سیٹ کر دیں کہ جب آپ کسی بھی فولڈر پر ڈبل کلک کریں تو وہ ایک نئی ونڈو کی صورت میں آپ کے سامنے کُھل جائے۔اس کا طریقہ ہم اس ٹیوٹوریل میں سیکھیں گے۔اور یہی اس ٹیوٹوریل کا اصل مقصد ہے۔

جی تو دوستو! سب سے پہلے ونڈوز سیون میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کیجئے۔ اور اس کے بعد سرچ باکس میں folder options لکھیں۔ اور سامنے آنے والے رزلٹس میں سے folder options کا انتخاب کرلیں۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔





اب آپ کے سامنے فولڈر آپشنز کی ونڈو نمودار ہو جائے گی۔ یہاں پر تسلی کرلیں کہ آپ نے جنرل ٹیب ہی سلیکٹ کیا ہوا ہو۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




اب آپ کو Browse folders کی آپشن کے نیچے دو آپشنز دکھائی دیں گی۔ ان دو آپشنز میں سے آپ Open each folder in its own window کی آپشن کو سلیکٹ کرلیجئے۔

Copyright Protected © As ~I*Am*Hummad~




اب اس کے بعد اوکے کر کے فولڈر آپشنز کی ونڈو کو بند کر دیں۔

اب آپ کی ڈیفالٹ آپشن اس طرح سیٹ ہو چکی ہے کہ جب بھی آپ کسی فولڈر کو ڈبل کلک کر کے اوپن کریں گے تو وہ ایک نئی ونڈو میں آپ کے سامنے اوپن ہو گا۔

**اس ٹپ کی ذیلی ٹپ:**۔ دوستو! اب بھی ان سیٹنگ کو سیو کرنے کے بعد اگر آپ کسی فولڈر کو پہلے والی ونڈو میں ہی اوپن کرنا چاہیں تو اُس فولڈر پر کلک کرنے سے قبل کنٹرول کا بٹن دبائے رکھیں، تو آپ کا نیا فولڈر اُسی ونڈو میں ہی اوپن ہو جائے گا۔

تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہو گا۔ اجازت دیجئے فی امان اللہ۔

Copyright Protected © I*Am*Humad~ All rights reserved

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہو گا۔

دوستو! کمپیوٹر استعمال کرتے ہوئے کوئی تھریڈ یا ٹیوٹوریل بنانے کی غرض سے یا کسی اور وجہ سے آپ کو اکثر و بیشتر سکرین شاٹ لینے کی ضرورت پڑتی ہی رہتی ہے۔ ونڈوز میں ہم اس کام کے لئے پہلے Print Screen کا بٹن پریس کرکے سکرین کا امیج حاصل کرتے ہیں۔ اور پھر فوٹو شاپ، پینٹ یا کسی اور امیج ایڈیٹنگ سافٹ وئیر میں پیسٹ کرنے کے بعد امیج میں سے اپنی پسند کے حصے کو علیحدہ حاصل کر لیتے ہیں۔

ونڈوز سیون میں اب یہ سکرین شاٹ لینے کا کام بھی بہت آسان ہو گیا ہے۔ اور یہ کام بھی ونڈوز کے ایک بلٹ اِن ٹول کی مدد سے ہوتا ہے جس کا نام Snipping Tool ہے۔ یعنی اس مقصد کے لئے آپ کو کسی دوسرے پروگرام کی ضرورت نہیں۔

دوستو! Snipping Tool اوپن کرنے کے لئے ٹاسک بار کے انتہائی بائیں جانب موجود سٹارٹ کے بٹن پر کلک کر دیجئے اور سرچ باکس میں snipping لکھ کر اینٹر دبا دیں یا پھر رزلٹ میں سے Snipping Tool کا انتخاب کر لیں۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




اس طرح Snipping Tool اوپن ہو جائے گا۔ جیسے ہی Snipping Tool اوپن ہو جائے، آپ اپنے کی بورڈ

سے Esc کا بٹن دبائیں اور پھر وہ والی ونڈو اوپن کر لیں جس کا آپ سکرین شاٹ لینا چاہتے ہیں۔ وہ ونڈو اوپن کرنے کے بعد اپنے کی بورڈ سے Ctrl+PrtScn ٹائپ کریں۔(PrtScn کا بٹن کی بورڈ کی سب سے اوپر والی قطار میں ہے)۔

اب Snipping Tool کی ونڈو کے اندر New کے بٹن کے ساتھ موجود نیچے کی جانب بنے تیر کے نشان پر کلک کریں۔ آپ کے سامنے چار آپشنز Free-form Snip, Rectangular Snip, Window Snip اور Full-screen Snip نمودار ہو جائیں گی۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔




دوستو ! یہ چاروں آپشنز یعنی Free-form Snip, Rectangular Snip, Window Snip اور Full-screen Snip سکرین شاٹ لینے کے چار مختلف انداز ہیں۔ اور یہ آپ ان آپشنز میں سے اپنی پسند کی آپشن، موقع محل کے حساب سے سلیکٹ کریں گے کہ آپ کس طرح کا سکرین شاٹ لینا چاہتے ہیں۔

Free-form Snip کی مدد سے آپ فری ہینڈ سکرین شاٹ لے سکتے ہیں۔ یعنی اپنے ماؤس کو حرکت دیتے ہوئے سکرین کا جونسا حصہ آپ کاپی کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ چاہے جس مرضی سمت میں اور جس مرضی سٹائل میں سکرین شاٹ لیں

Rectangular Snip کے استعمال سے آپ سکرین کے کسی بھی حصے کا چوکور انداز میں سکرین شاٹ لے سکتے ہیں۔

Window Snip کی مدد سے آپ کسی بھی ایک ونڈو کا سکرین شاٹ لے سکتے ہیں۔ فرض کریں کہ آپ کے ڈیسک ٹاپ پر ایک نوٹ پیڈ کی فائل اوپن ہے اور ایک براؤزر کی ونڈو اوپن ہے۔ اس آپشن کے انتخاب کے بعد اپنے ماؤس سے آپ جس ونڈو پر کلک کریں گے وہ پوری سکرین شاٹ کی صورت میں مکمل طور پر کاپی ہو جائے گی۔

Full-screen Snip یعنی آخری آپشن سے پوری کی پوری سکرین کا سکرین شاٹ لے لیا جائے گا۔


دوستو! امیج کے کسی حصے کو ہائے لائٹ کرنے کے لئے ہائے لائٹر۔۔ مٹانے کے لئے اریزر۔۔ اور کچھ لکھنے کے لئے پین بھی Snipping Tool کے اندر موجود ہے۔ اور آخر میں ہر فائل کی طرح Snipping Tool سے بھی آپ سکرین شاٹ کو Ctrl + S کیز کی مدد سے اپنے کمپیوٹر میں محفوظ کر سکتے ہیں۔ امید کرتا ہوں ونڈوز سیون کے اندر پہلے سے موجود اس Snipping Tool یوٹیلیٹی کا تعارف اور استعمال جاننا آپ کو پسند آیا ہوگا۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......


کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اورکوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! ونڈوز سیون میں جب آپ سٹارٹ مینیو میں کنٹرول پینل پر کلک کرتے ہیں تو آپ کے سامنے کنٹرول پینل کی ونڈو نمودار ہو جاتی ہے، جہاں پر آپ کنٹرول پینل کی آئیٹمز تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں۔لیکن دوستو! کیا آپ جانتے ہیں کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کنٹرول پینل کی آپشنز تک کوئی نئی ونڈو کھولے بغیر ڈائریکٹ سٹارٹ مینیو سے بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔جی ہاں دوستو! آپ بلکل ایسا کر سکتے ہیں۔اور کیسے کر سکتے ہیں، آئیں دیکھتے ہیں۔

سب سے پہلے اپنی ٹاسک بار کے کسی بھی خالی حصے پر رائٹ کلک کریں اور پروپرٹیز کا انتخاب کریں۔





اب آپ کے سامنے Taskbar and Start Menu Properties کے عنوان سے ایک نئی ونڈو نمودار ہو جائے گی۔اس نئی ونڈو میں تین ٹیبز آپ کو دکھائی دیں گے۔جن میں سے سٹارٹ مینیو ٹیب کا انتخاب کر لیں۔اور اس کے اندر موجود Customize کے بٹن پر کلک کر دیں۔مزید رہنمائی اور سہولت کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ




دوستو! اب آپ کے سامنے ایک نئی ونڈو Customize Start Menu کے نام سے ظاہر

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~ All rights reserved
آئی ایم حماد

ہوگی۔اس نئی ونڈو میں نیچے بہت سی اور آپشنز موجود ہوں گی۔یہاں control panel کی آپشن کے اندر دی گئی Display as a menu کی آپشن کا انتخاب کرلیں۔اوراس نئی ونڈو کو اوکے کر دیں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




ایک بار پھر سے Taskbar and Start Menu Properties کی ونڈو آپ کے سامنے ظاہر ہوجائے گی۔اُس ونڈو کو بھی اوکے کردیں۔اوراب اپنی سٹارٹ مینیو میں موجود کنٹرول پینل کے بٹن کے اوپر کچھ دیر اپنے ماؤس کو رکھیں۔آپ دیکھیں گے کہ کنٹرول پینل کی ساری آپشنز اب سٹارٹ مینیو میں ہی آپ کے سامنے ظاہر ہوجائیں گی۔دیکھیں سکرین شاٹ





جی دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کیجئے اوراپنی دعاؤں میں یاد رکھئے۔فی امان اللہ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔ امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! مائیکروسافٹ جب بھی کوئی نئی ونڈوز متعارف کرواتا ہے، اُس میں تبدیلیاں ضرور کرتا ہے، چاہے تبدیلیاں بڑی ہوں یا پھر معمولی۔ اور مائکروسافٹ کا یہ رویہ یقیناً آئیندہ بھی ایسے ہی چلتا رہے گا۔ لیکن اُستاد بشیر کبھی کبھار اُن تبدیلیوں پر ناراض ہو جاتا ہے جو ونڈوز کی شروع سے روایات چلی آ رہی ہوتی ہیں، اور لوگوں کو اُن چیزوں کے بغیر کمپیوٹر چلانے میں مشکل پیش آتی ہے۔

جی دوستو! آپ ونڈوز سیون میں ونڈوز ایکسپلورر کی ہی مثال لے لیں۔ مائیکروسافٹ نے تو مینیو بار ہی غائب کردی ایکسپلورر سے۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




دوستو! اوپر والے سکرین شاٹ میں آپ کو نیچے والے حصے میں مینیو بار دکھائی دے رہی ہے؟۔ کیا اس کی موجودگی بہت سے کاموں کے لئے فائدہ مند نہیں ثابت ہوتی؟۔ بلاشبہ File, Edit, View, Tools وغیرہ کی موجودگی اکثر اوقات فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ اور ونڈوز سیون کے ایکسپلورر میں ہم خوش قسمتی سے اس کو حاصل بھی کر سکتے ہیں۔ تو آئیں دیکھتے ہیں کہ اس کا طریقہ کار کیا ہوگا۔

## سب سے پہلے ہم معلوم کرتے ہیں عارضی طریقہ

دوستو! آپ جب بھی ونڈوز ایکسپلورر میں موجود رہتے ہوئے Alt کا بٹن پریس کریں گے تو یہ مینیو بار آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔ جیسے ہی آپ دوبارہ سے Alt کا بٹن دبائیں گے تو پھر سے یہ مینیو بار غائب ہو جائیگی۔ اگر آپ عارضی طور پر مینیو بار کو استعمال کرنا چاہتے ہیں تو یہ اس کا طریقہ کار ہے۔

## لیکن اگر آپ مینیو بار کو مستقل طور پر رکھنا چاہتے ہیں؟

دوستو! مستقل طور پر مینیو بار سیٹ کرنے کی خاطر آپ درج ذیل سٹیپس کو فالو کیجئے۔


سب سے پہلے کوئیک لانچ ٹول بار سے ایکسپلورر کے آئیکون پر کلک کر کے ونڈوز ایکسپلورر کو اوپن کیجئے۔ یا پھر سٹارٹ مینیو سرچ باکس میں windows explorer لکھ کر انٹر کا بٹن دبا دیجئے۔ ونڈوز ایکسپلورر آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گا۔

ونڈوز ایکسپلورر میں سب سے پہلے آپ Organize کے بٹن پر کلک کیجئے۔ اور نیچے کھلنے والی ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے Layout کی آپشن پر کلک کر دیجئے۔ ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔




اب نئی کھلنے والی ونڈو میں سے پہلی آپشن یعنی Menu Bar کی آپشن کا انتخاب کرلیں۔ جیسے ہی

آپ Menu Bar پر کلک کریں گے۔ اُس کے ساتھ ایک ٹِک کا نشان بن جائے گا۔ اور اُس کے بعد آپ ونڈوز ایکسپلورر پر غور کریں۔ یہ آپشن آپ کے سامنے نمودار ہو چکی ہوگی۔ اور مستقل طور پر آپ کے سامنے ہوگی۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




اب جب بھی آپ ایکسپلورر یا کوئی فولڈر کھولیں گے تو مینیو بار آپ کے سامنے ہوگی۔

نوٹ:۔ اگر آپ دوبارہ سے مینیو بار کو Disable کرنا چاہیں تو اوپر دیئے گئے تمام سٹیپس کو دہرائیں۔ اور جس طرح Menu Bar پر کلک کر کے مینیو بار کو آپ نے آن کیا تھا، اُسی طرح ایک بار پھر Menu Bar پر کلک کر دیں۔ اُس کے ساتھ موجود ٹِک کا نشان ختم ہو جائے گا۔ اور مینیو بار پھر سے غائب ہو جائے گی۔ تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔

اجازت دیجئے۔ دعاؤں میں یاد رکھئے۔ فی امان اللہ

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......


کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! جو لوگ بڑھاپے کی جانب تیزی سے رواں دواں ہوتے ہیں، وقت کے ساتھ ساتھ اُن کی آنکھیں بھی بوڑھی ہوتی رہتی ہیں۔اور پھر باریک باریک چیزیں لکھی ہوئی کئی بار واضح طور پر دکھائی نہیں دیتیں۔اس مسئلے کا حل یہ ہے کہ متعلقہ مسئلے کا شکار بابا جی عینک لگا لیں۔مسکراتے ہوئے۔

جی تو دوستو! اگر آپ کو بھی سکرین پر کوئی چیز واضح دکھائی نہیں دے رہی، یا پھر ویسے ہی آپ کسی پریزینٹیشن وغیرہ میں سکرین کا کوئی حصہ واضح، ہائے لائٹ اور بڑا کر کے دیکھنا یا دکھانا چاہتے ہیں تو آپ کو سکرین کا سکرین شاٹ لے کر پھر اس کو زوم کر کے دیکھنے کی ضرورت نہیں۔اور نہ ہی کسی تھرڈ پارٹی میگنی فائر کو استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔بہت سی دوسری آپشنز کی طرح ونڈوز سیون میں بلٹ ان Screen Magnifier بھی موجود ہے۔اِس Screen Magnifier کے استعمال سے آپ سکرین کو کسی بھی خاص زوم سائز میں بڑا کر کے دیکھ سکتے ہیں۔

آئیں اس کے بارے میں مزید جانتے ہیں اور اس کے استعمال کا طریقہ بھی معلوم کرتے ہیں

سب سے پہلے سٹارٹ مینیو میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور سرچ باکس میں Magnifier لکھ کر اینٹر کا بٹن دبا دیں۔مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے




لیں جی اینٹر کا بٹن دباتے ہی میگنی فائر کا فیچر آن ہو چکا ہے۔اب آپ سکرین کو با آسانی زوم

اِن ( بڑے سائز میں ) اور پھر وہاں سے واپس زوم آؤٹ ( چھوٹے سائز میں ) کر سکتے ہیں۔

زوم اِن کرنے کے لئے آپ اپنے کی بورڈ سے ونڈوز کا بٹن اور ایکول کا نشان یعنی = اکٹھے دبائیں۔ جس کو آپ =+win بھی کہہ سکتے ہیں۔اور واپس زوم آؤٹ کرنے کے لئے آپ اپنے کی بورڈ سے ونڈوز کا بٹن اور مائنس کا نشان یعنی - اکٹھے دبائیں۔جس کو آپ -+win بھی کہہ سکتے ہیں۔ ونڈوز کا بٹن دبائے رکھے ہوئے آپ جتنی دیر تک ایکول یا مائنس کے نشانات والے بٹن دبائی رکھیں گے، اُس کے ساتھ ساتھ سکرین بڑی یا چھوٹی ہوتی چلی جائے گی ( دونوں بٹن بیک سپیس کے ساتھ موجود ہیں )۔ جیسا کہ آپ جانتے ہی ہیں کہ نارمل حالت میں سکرین سو فیصد سائز میں ہوتی ہے۔آپ اس سکرین کو سولہ سو فیصد تک کے سائز تک زوم کر کے دیکھ سکتے ہیں۔ جی ہاں سولہ گُنا بڑا سائز۔ ہے نا حیران کُن ؟


## سکرین کو میگنی فائی کرنے کے لئے تین طریقے وضع کئے گئے ہیں۔

سب سے پہلا طریقہ ہے Full-screen mode کا۔۔اس موڈ میں آپ کی پوری سکرین کا سائز بڑا ہو جاتا ہے۔آپ کی سکرین کے سائز اور وہ زوم لیول جس کا آپ نے انتخاب کیا ہے، اُس کے حساب سے ممکن ہے بلکہ غالب گمان ہے کہ شاید ساری سکرین ایک ہی وقت میں آپ نہ دیکھ پائیں۔

دوسرا طریقہ ہے Lens mode کا۔۔اس موڈ میں صرف وہی حصہ بڑا ہوتا ہے جو آپ کے ماؤس کے کرسر کے ارد گرد ہوتا ہے۔ جب بھی آپ اپنے کرسر کو دائیں بائیں اوپر یا نیچے موو کرتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ وہی حصہ بڑا یا میگنی فائی ہوتا چلا جائے گا، جو کرسر کے نیچے اُس وقت موجود ہو گا۔

تیسرا طریقہ ہے Docked mode کا۔۔اس موڈ میں ہر وقت سکرین کا ایک خاص حصہ ہی بڑا دکھائی دیتا ہے۔اگر آپ ماؤس کو حرکت دے بھی دیں تب بھی صرف وہی خاص حصہ ہی بڑا دکھائی دے گا۔اور باقی ڈیسک ٹاپ پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ہاں کسی بھی وقت آپ سکرین کے اس خاص حصے کے انتخاب کو بدل سکتے ہیں جس کو آپ میگنی فائے کرنا چاہتے ہیں۔

ڈیفالٹ طور پر تیسرا طریقہ یعنی Docked mode ہی سلیکٹ ہوتا ہے۔ اس کو آپ کسی بھی وقت با آسانی تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے آپ ٹاسک بار میں موجود میگنی فائر کے بٹن پر کلک کیجئے۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔



اب آپ کے سامنے Properties dialog box اوپن ہو جائے گا۔ یہاں View کے نشان پر کلک کر کے آپ با آسانی تینوں موڈز میں سے اپنی پسند کے موڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




اپنی پسند کی سیٹنگ کرنے اور میگنی فائر کو استعمال کرنے کے بعد جب آپ میگنی فائر کے Properties dialog box کو بند کر دیں گے تو آپ کی سیٹنگ محفوظ بھی ہو جائیں گی۔ یعنی اگلی بار جب بھی آپ میگنی فائر کا فیچر استعمال کرنے کے لئے میگنی فائر کو اوپن کریں گے تو وہی سیٹنگ اوپن ہوں گی جو آپ نے آخری مرتبہ اپلائے کی ہوں گی۔

تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ آپ کو ونڈوز سیون کا یہ فیچر بھی پسند آیا ہوگا۔ ہمیشہ کی طرح آپ کے فیڈ بیک کا منتظر رہوں گا۔ آپ کی دعاؤں کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ دعائیں میرے لئے اتنی ہی اہم ہیں جتنی جسم کے لئے خون اور بدن کے لئے روح۔ کیا معلوم کس کی دعائیں کام آ جائیں اور معصوم بچے کا بیڑہ پار ہو جائے۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! کسی فولڈر میں ایک سے زیادہ فائلز کو ایک ساتھ سلیکٹ کرنے کے بہت سے طریقے ہوتے ہیں۔ اگر آپ ونڈوز سیون استعمال کرتے ہیں، تو آپ کس طریقے کو فالو کرتے ہیں؟۔کیا آپ اُن دوستوں میں سے ہی ہیں جو ماؤس کو ڈریگ کر کے کافی ساری فائلز کو اکٹھا سلیکٹ کر لیتے ہیں اور ساتھ ہی یہ امید بھی رکھتے ہیں کہ کوئی غیر ضروری فائل سلیکٹ نہیں ہوگی۔یا پھر آپ کنٹرول کا بٹن دبا کے رکھتے ہوئے ایک کے بعد دوسری فائل سلیکٹ کرتے چلے جاتے ہیں؟


آئیں ونڈوز سیون میں اس مقصد کے حصول کے لئے ایک تیسرا طریقہ سیکھتے ہیں۔

سب سے پہلے سٹارٹ مینیو کی سرچ باکس میں explorer لکھیں۔اور اینٹر کا بٹن دبائیں یا پھر رزلٹس میں سے windows explorer کا انتخاب کریں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔





Copyright Protected ~I*Am*Hummad~ All rights reserved

اب ونڈوز ایکسپلورر میں بائیں جانب موجود Organize کے بٹن پر کلک کریں اور نئی سامنے آنے والی آپشنز میں سے Folder and search options کا انتخاب کریں۔




یہاں پر آپ دوسرے ٹیب یعنی View کے ٹیب کو سلیکٹ کر لیں۔ اور پھر Advanced settings کے ساتھ موجود سکرول بار کو مکمل طور پر نیچے کر دیں۔ دیکھیں سکرین شاٹ





آخر سے دو تین آپشنز پہلے آپ کو Use check boxes to select items کی آپشن

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~

دکھائی دے گی۔اس آپشن کو سلیکٹ کرلیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔




اس کے بعد اوکے پر کلک کردیں۔اب جب بھی آپ اپنے ماؤس کے پوائنٹر کو کسی فائل کے اوپر لے کر جائیں گے تو اُس فائل کے آئیکون کے ساتھ اوپر کی جانب ایک چھوٹا سا چوکور چیک باکس آپ کے سامنے ظاہر ہوگا۔جس فائل کو سلیکٹ کرنا ہو، اُس کے اوپر ماؤس کے آنے کے بعد ظاہر ہونے والے چیک باکس کو سلیکٹ کرلیں۔دیکھیں سکرین شاٹ





کسی فولڈر میں موجود درجنوں فائلز میں سے اپنی پسند کی مختلف فائلز کو یک ایک کر کے سلیکٹ کرنے کے لئے اب کنٹرول کا بٹن دبائے رکھنے کی بھی ضرورت نہیں۔ امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔

ملتے ہیں کسی اور تھریڈ میں۔تب تک کے لئے اجازت دیجئے۔فی امان اللہ

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! ونڈوز سیون میں جب آپ ٹاسک بار میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کرتے ہیں تو سٹارٹ مینیو میں دائیں جانب بلکل نیچے پاور بٹن دکھائی دیتا ہے(پاور بٹن سے مراد وہ بٹن ہے جہاں سے شٹ ڈاؤن کی ڈیفالٹ آپشن پہلے سے سلیکٹ ہوتی ہے اور اُس کے ساتھ موجود ایرو پر کلک کر کے Shut down, Log off, Lock, Restart, Sleep اور Hibernate وغیرہ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔)




مگر دوستو! اگر آپ کمپیوٹر بند کرنے کے لئے اکثر اوقات شٹ ڈاؤن کی بجائے کوئی دوسرا آپشن زیادہ استعمال کرتے ہیں تو آپ اُس کو بھی ڈیفالٹ طور پر پاور بٹن کی حیثیت سے سیٹ کر سکتے ہیں۔اس طرح آپ کو ہمیشہ ایرو کے بٹن پر کلک کر کے متعلقہ آپشن سلیکٹ نہیں کرنی پڑے گی۔پاور بٹن دبا کے ہی آپ کی پسند کا ایکشن پرفارم ہوجائے گا(بٹن چبا کے)۔مثال کے طور پر میں اکثر شٹ ڈاؤن کی بجائے ہائبرنیٹ کی آپشن کا انتخاب کرتا ہوں،شٹ ڈاؤن کی آپشن کو ہائبرنیٹ میں تبدیل کرنے کے لئے میں درج ذیل طریقہ کار پر عمل کروں گا۔اسی طریقہ کو فالو کرتے ہوئے آپ بھی اپنی پسند کی سیٹنگز کر لیجئے۔

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~


سب سے پہلے ٹاسک بار میں کسی خالی جگہ پر رائٹ کلک کریں۔اور رائٹ کلک مینیو میں سے پروپرٹیز کی آپشن کا انتخاب کرلیں۔مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ دیکھیں۔





Taskbar and Start Menu Properties کی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔یہاں سے آپ دوسری ٹیب یعنی Start Menu tab کا انتخاب کرلیں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




اب Power Button Action کی آپشن کے ساتھ موجود بٹن (جس کے اندر ڈیفالٹ شٹ ڈاؤن لکھا ہوگا) کے ساتھ موجود ایرو یعنی تیر کے نشان پر کلک کریں اور نیچے سے اپنی پسند کی ڈیفالٹ لوکیشن سلیکٹ کرلیں (جیسے میں نے ہائبرنیٹ سلیکٹ کیا ہے)۔اور اس کے بعد اوکے کردیں۔




اب سٹارٹ مینیو میں جائیں اور پاور بٹن ملاحظہ کریں۔اب آپ کو شٹ ڈاؤن کی بجائے اپنی پسند کی آپشن دکھائی دے گی (جیسے نیچے کے سکرین شاٹ میں ہائے برنیٹ کی آپشن دکھائی دے رہی ہے)۔




تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔اجازت دیجئے۔فی امان اللہ

Copyright Protected © As ~I*Am*Hummad~

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! کیا آپ ونڈوز سیون میں کسی فائل کو تاریخ کے حساب سے سرچ کرنا چاہتے ہیں؟۔ جی ہاں ونڈوز سیون میں آپ یہ کام باآسانی کرسکتے ہیں۔آئیں دیکھتے ہیں کہ اس کا طریقہ کار کیا ہے۔

سب سے پہلے ونڈوز ایکسپلورر اوپن کیجئے۔اس مقصد کے لئے سٹارٹ مینیو میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کیجئے۔اور پھر سرچ باکس میں Explorer لکھئے۔اور اینٹر کا بٹن دبائیں یا پھر جو رزلٹس سامنے آئیں اُن میں سے Explorer.exe کا انتخاب کریجئے۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھئے سکرین شاٹ




جب آپ ونڈوز ایکسپلورر میں داخل ہوجائیں تو اپنے کی بورڈ سے شارٹ کٹ کیز Ctrl+F پریس کیجئے یا پھر دائیں جانب موجود سرچ کے بٹن پر کلک کیجئے۔آپ کو نیچے Kind, Date Modified, Type اور Name جیسی آپشنز دکھائی دیں گی۔ان آپشنز میں سے Date Modified کو

سلیکٹ کر لیجئے، کیونکہ آپ تاریخ کے حساب سے ہی سرچ کرنا چاہتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ




جیسے ہی آپ Date Modified پر کلک کریں گے، ایک کیلنڈر آپ کے سامنے نمودار ہوگا۔کیلنڈر میں سے آپ کسی بھی مہینے کی کوئی بھی تاریخ سلیکٹ کر سکتے ہیں۔یا نیچے دی گئی آپشنز جیسے Earlier this week اور A long time ago وغیرہ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔دیکھیں سکرین شاٹ




اب سرچ باکس آپ کے سامنے کچھ یوں دکھائی دے گا، جہاں اپنی مطلوبہ فائل کا نام لکھ کر سرچ کر لیجئے۔




دوستو! کبھی کبھار ہمارا ایک خاص تاریخ سے دوسری خاص تاریخ تک کے دوران فائلز سرچ کرنے کا دل چاہتا ہے۔مثال کے طور پر آپ دو فروری سے لے کر بائیس فروری تک کسی فائل کو سرچ کرنا چاہتے ہیں۔تو اس کا طریقہ کار کیا ہوگا؟۔آئیں لگے ہاتھوں وہ بھی سیکھتے چلے جاتے ہیں۔

بلکل پہلے کی ہی طرح Ctrl+F کی شارٹ کٹ استعمال کرنے کے بعد Date Modified کا انتخاب کریں۔اب سب سے پہلے ابتدائی تاریخ یعنی دو فروری پر کلک کریں اور کیئے رکھیں اور ماؤس کو نیچے کی جانب ڈریگ کرنا شروع کر دیں۔اور جس تاریخ تک آپ نے سرچ کرنا ہے یعنی بائیس فروری، وہاں پر لا کر ماؤس کو ڈروپ کر دیں۔یعنی اوپر والی مثال میں ہم دو فروری پر ماؤس کو کلک کریں گے اور کلک کیئے رکھتے ہوئے ماؤس کو نیچے کی جانب لانا شروع کر دیں گے۔اور بائیس فروری پر لا کر چھوڑ دیں گے۔یہ طریقہ کار بلکل اسی طرح ہے۔جس طرح ہم کسی فولڈر کے اندر خاص ترتیب سے پڑی ہوئی فائلز کو ماؤس کے ذریعے سلیکٹ کرتے ہیں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔




جس طرح ہم کسی فولڈر میں موجود فائلز کو ماؤس کے ذریعے نیچے سے اوپر اور اوپر سے نیچے دونوں جانب سلیکٹ کر سکتے ہیں بلکل اسی طرح یہاں بھی آپ تاریخ کو نیچے سے اوپر، یا اوپر سے نیچے جس طرف مرضی چاہیں سلیکٹ کر سکتے ہیں۔اگر آپ ایک ماہ کی خاص تاریخ سے دوسرے ماہ کی خاص تاریخ تک یا اس سے بھی آگے تک سرچ کرنا چاہتے ہیں تو ماؤس کو نیچے یا اوپر کی جانب ڈریگ کرتے جائیں۔جس ماہ سے آپ نے شروع کیا تھا، اُس سے اگلا مہینہ آتا چلا جائے گا۔جس ماہ کی کسی خاص تاریخ تک آپ سرچ کرنا چاہتے ہیں، وہاں پر لا کے ماؤس کو چھوڑ دیں۔درمیان میں آنے والے تمام مہینوں کی تمام تاریخیں خود بخود سلیکٹ ہو جائیں گی۔امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔

آپ کے فیڈ بیک کا منتظر رہوں گا۔اجازت دیجئے۔فی امان اللہ۔

Copyright Protected © As ~I* Am* Hummad~


## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست ، احباب ، سجن ، متر ، سنگی ، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان ، صحت ، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے ،اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! اگر آپ کے رشتہ دار ، دوست یا کولیگز دنیا کے مختلف خطوں میں بس رہے ہوں ، تو آپ کو اکثر اوقات اُن سے رابطے کرنے سے پہلے اُن کا مقامی وقت معلوم کرنا پڑتا ہے۔تا کہ تسلی ہوجائے کہ کہیں وہ سو تو نہیں رہے ہوں گے ، یا کہیں وہ جاب وغیرہ پر تو نہیں گئے ہوں گے۔عین ممکن ہے کہ اگر وقت معلوم کئے بغیر آپ اُن لوگوں کو کال کریں تو آگے سے ہیلو کی بجائے خراٹے یا نیند کی حالت میں آنی والی آواز سنائی دے ، کیونکہ آپ نے تو انجانے میں اُس وقت کال کرلی ، جب ابھی رات کے تین بجے تھے ، ہوسکتا ہے ابھی تو بیچاروں کے خراٹے بھی سخت نہ ہوئے ہوں (مسکراتے ہوئے)۔اسی طرح عین ممکن ہے کہ آپ نے اُن لوگوں کو ای میل کا ریپلائے کرنا ہو اور وہ آپ کے ریپلائے سے **ایک گھنٹہ قبل ہی** سو چکے ہوں ، اور آپ جس مقصد کے لئے ای میل کا ریپلائے کررہے ہوں ، وہ مقصد ہی متاثر ہو کے رہ جائے۔اور پیغام اُن لوگوں تک پہنچنے میں دیر ہوجائے۔

دوستو! ونڈوز سیون میں آپ ان پریشانیوں سے بچنے کے لئے دو اضافی کلاک اپنی ٹاسک بار میں ایڈ کر سکتے ہیں۔اس ٹیوٹوریل میں آپ کو سکھاؤں گا کہ کس طرح ان کلاکس تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے جو کہ مختلف ٹائم زونز میں باآسانی بنائے جاسکتے ہیں۔

سب سے پہلے ٹاسک بار میں انتہائی دائیں جانب موجود کلاک کے آئکون پر کلک کریں۔اور جو ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہو ، اُس میں سے Change date and time settings کی آپشن منتخب کرلیں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ





اب Date and Time کے عنوان سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ جہاں پر آپ Additional Clocks کے ٹیب کا انتخاب کرلیں۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ





اب آپ کو نیچے Show this clock کی آپشن دکھائی دے گی۔ جس کے ساتھ موجود چیک باکس کو سلیکٹ کرلیں (نیچے والے سکرین شاٹ میں نمبر ایک کے اندر دیکھیں)۔ اُس کے بلکل نیچے آپ کو Select time zone لکھا ہوا دکھائی دے گا۔ یہاں سے آپ وہ ٹائم زون یا علاقہ منتخب کرلیں جس کا دوسرا کلاک آپ کھولنا چاہتے ہیں۔ (دیکھیں نیچے والے سکرین شاٹ میں نمبر دو میں)۔ اس کے بلکل نیچے آپ کو Enter display name لکھا ہوا دکھائی دے گا۔ یہاں آپ اپنے متعلقہ علاقے کے کلاک کو اپنی پسند کا نام بھی دے سکتے ہیں، مثال کے طور پر میں نے London ka Time کا نام دیا ہے۔ (نچلے سکرین شاٹ میں نمبر تین میں دیکھیں)۔ اس کے بعد اوکے کر دیں۔

مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔




اوپر والے سکرین شاٹ کے مطابق آپ نے لندن اور سعودیہ عرب، دونوں کے کلاک اپنے کمپیوٹر پر سیٹ کر لئے ہیں۔ اب ان کو دیکھنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

کرنا آپ کو صرف یہ ہے کہ سٹیپ نمبر ایک کی طرح دوبارہ سے ٹاسک بار میں کلاک پر کلک کریں۔ آپ کے علاقے کے کلاک کے ساتھ دیگر کلاک بھی آپ کے سامنے موجود ہوں گے۔




اس امید کے ساتھ اجازت چاہتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔ فی امان اللہ

Copyright Protected © I Am Hammad

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددددہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! آج میں آپ کے ساتھ ونڈوزسیون کے ایک ایسے فیچر کا تعارف کروانے جارہاہوں جو عام صارفین اوراپنی فیلڈ کی حیثیت سے کمپیوٹر کا استعمال کرنے والے پاور یوزرز، دونوں کے لئے کافی مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ہم ونڈوزسیون میں کوئی بھی نیا فولڈر یا ڈسک ڈرائیو کھولنا چاہتے ہیں تو ونڈوزسیون کے اس فیچر کی مدد سے ہم اُس کو ایک نئے پروسیس میں کھول سکتے ہیں۔اور نئے پروسیس میں کھولنے سے مختلف ٹاسکس کی پرفارمنس پہلے سے بہتر ہوجائے گی اور بہت سے نقصانات سے بھی ہم بچ سکتے ہیں۔

دوستو! پروسیس ہے کیا چیز؟ ۔آپ اس کو ایک قسم کا پروگرام کہہ سکتے ہیں، جو ونڈوز میں کسی خاص کام کو یا پھر کام کی ایک خاص مقدار کو مینیج کرسکتا ہے۔مثال کے طور پر جب ہم مائیکروسافٹ ورڈ کھولتے ہیں، تو ہم حقیقت میں ایک پروسیس کریئیٹ کررہے ہوتے ہیں اور یہ پروسیس ظاہر ہے میموری میں چلتا ہے۔

ونڈوز کا آپریٹنگ سسٹم جو ہم استعمال کرتے ہیں بذات خود بہت سارے پروسیسز کی بدولت چل رہا ہوتا ہے۔ان پروسیسز میں سے بہت سے پروسیسز کو system processes کا نام دیا جاتا ہے۔ جو ونڈوز کے سٹارٹ ہوتے ہی سٹارٹ ہوجاتے ہیں۔اور بند ہونے تک مختلف انداز سے چلتے رہتے ہیں۔جی تو دوستو! اب آپ کو یہ تو معلوم ہو ہی گیا ہے کہ پروسیس ہوتا کیا ہے۔تو اب ہم فولڈر کو نئے پروسیس میں کھولنے کا طریقہ اور اس کی افادیت کے بارے میں جانتے ہیں۔دوستو! ونڈوز میں جب بھی ہم کوئی فولڈر اوپن کرتے ہیں تو وہ explorer کے چلنے والے واحد پروسیس میں ہی اوپن ہوجاتا ہے۔

اس کے برعکس ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ایسے فولڈرز جن میں بہت سارے امیجز یا ویڈیوز ہوں، اکثر اوقات اچانک ہی کسی بھی وجہ سے ایکٹو رہنے کی بجائے Held ہو جاتے ہیں، بلکہ کبھی کبھار تو دوبارہ چلنے کے بلکل بھی قابل نہیں رہتے یعنی non-responding ہو جاتے ہیں۔

اصل بات سوچنے کی یہ ہے کہ اس کا نتیجہ آخر کیا نکلتا ہے؟۔ کیا صرف متعلقہ held یا non-responding ہونے والا فولڈر ہی اس سے متاثر ہوتا ہے؟۔ نہیں دوستو! ہرگز نہیں۔ اکثر اوقات اس فولڈر کی بدولت explorer کا سارا پروسیس ہی کریش ہو جاتا ہے۔ اور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اُس فولڈر کے علاوہ بھی ہم جو کام کر رہے ہوتے ہیں وہ ضائع ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر جب ہم کسی پروگرام میں کوئی چیز کاپی کر چکے ہوں لیکن ابھی سیو کرنا رہتا ہو کہ اچانک کوئی فولڈر held یا non-responding ہو جائے تو ایسی صورتحال میں explorer کے پروسیس کے بند ہونے کے باعث ہمارا وہ ابھی تک سیو نہ کیا جانے والا کام بھی متاثر ہو جائیگا۔ یہ بلاشبہ ایک بہت بڑا نقصان ہے۔


مگر دوستو! ہر نئے کھلنے والے فولڈر کو نئے explorer پروسیس میں الگ سے کھولنے سے ہم اس پریشانی سے بچ سکتے ہیں۔ ونڈوز سیون میں یہ طریقہ ممکن ہے۔ کیسے ممکن ہے۔ آئیں سیکھتے ہیں۔

سب سے پہلے سٹارٹ مینیو میں جائیں اور دائیں جانب Computer پر کلک کر دیں۔




اب آپ کو آپ کی ڈسک ڈرائیوز یعنی سی، ڈی، ای، ایف وغیرہ پر مشتمل ونڈو دکھائی دے گی۔

کسی بھی ڈرائیو کو نیو پروسیس میں کھولنے کے لئے آپ پہلے اپنے کی بورڈ سے شفٹ کا بٹن دبائیں۔اور شفٹ کا بٹن دبائی رکھتے ہوئے متعلقہ ڈرائیو کے آئکون پر ماؤس کے ذریعے رائٹ کلک کریں۔اور شفٹ کا بٹن چھوڑ دیں۔اب آپ کے سامنے رائٹ کلک مینیو ظاہر ہو چکا ہوگا۔یہاں سے Open in new process کی آپشن کا انتخاب کرلیں۔





متعلقہ ڈرائیو (اوپر والے سکرین شاٹ میں سی ڈرائیو) ایک نئی ونڈو کی شکل میں آپ کے سامنے نمودار ہوجائے گی۔اور یہ صرف نئی ونڈو میں ہی نہیں بلکہ ایک نئے پروسیس کے طور پر بھی اوپن ہوچکی ہوگی۔

Copyright Protected ©


اس ڈرائیو یا ونڈو کو کھلا رہنے دیں۔اب ہم چیک کریں گے کہ کیا واقعی یہ نئے پروسیس میں اوپن ہوئی ہے؟اس کے لئے اپنے سٹارٹ مینیو میں سرچ باکس کے اندر task manager لکھ کر اینٹر کا بٹن دبائیں یا پھر اوپر نظر آنے والے رزلٹس میں سے view running processes by task manager کی آپشن پر کلک کر دیں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔





اب آپ کے سامنے Processes کے ٹیب کے ساتھ ٹاسک مینیجر اوپن ہو جائے گا۔اور نیچے بہت سارے پروسیسز دکھائی دے رہے ہوں گے۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




پروسیسز کے ناموں سے اوپر موجود Image Name کے بٹن پر کلک کیجئے۔




سکرول بار کو نیچے کی جانب موو کریں۔یہاں تک کہ آپ کو explorer.exe کے دو آئیکونز دکھائی دیں گے۔ایک کا میموری سائز کچھ زیادہ اور دوسرے کا کچھ کم ہوگا۔دیکھیں سکرین شاٹ۔




اور یہ چیز ثابت کرتی ہے کہ مختلف فولڈرز، آپ کی ونڈو میں مختلف پروسیسز میں ہی اوپن ہیں۔تو دوستو!

امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹا سا ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔اجازت دیجئے۔فی امان اللہ

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔ امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! جب ہم کمپیوٹر پر کام کر رہے ہوتے ہیں تو اکثر اوقات ہم نے ایک ہی وقت میں بہت ساری ونڈوز کھولی ہوتی ہیں۔ اور ایک ہی وقت میں مختلف امور پر ہم کام کر رہے ہوتے ہیں۔ مگر یہ ساری ونڈوز جب کھلی ہوتی ہیں تو ڈیسک ٹاپ پر عجیب سا رش پڑ جاتا ہے۔ اور آپ کے کام کی ایفی شینسی اس سے متاثر ہوتی ہے۔ ایسے اوقات میں اکثر یہ بہتر ہوتا ہے کہ آپ جس وقت جونسی ونڈو استعمال نہیں کر رہے اُس کو minimize کر دیں۔ ونڈوز سیون اس کام کر کرنے کے بہت سے آسان طریقے فراہم کرتا ہے۔

پہلے طریقے میں، میں آپ کو بتاؤں گا کہ کس طرح جس ونڈو پر آپ کام کر رہے ہیں اُس کے علاوہ باقی ساری ونڈوز کو minimize کیا جا سکتا ہے۔۔ اور دوسرے طریقے میں آپ کو بتاؤں گا کہ کس طرح تمام کی تمام ونڈوز کو، بشمول اُس ونڈو کے جس پر آپ کام کر رہے ہیں، ایک ساتھ minimize کیا جاسکتا ہے۔

## تو ہمارا پہلا طریقہ ہے Minimize All Inactive Windows

اس طریقے میں ہم Aero Shake کی ٹیکنیک استعمال کرتے ہیں۔ اب پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ Aero Shake کی ٹیکنیک کیا چیز ہے۔۔ یہ ونڈوز سیون میں استعمال ہونے والی ایک ایڈوانس ٹیکنیک ہے۔۔ جو ونڈوز کے پچھلے ورژنز میں دستیاب نہ تھی۔ سب سے پہلے اُس ونڈو کو سلیکٹ کریں جس پر آپ کام کر رہے ہیں۔ اب اُس ونڈو کے اوپر والے حصے پر کلک کریں، اور کلک کیئے رکھنے کے

ساتھ ساتھ اپنے ماؤس کو کچھ دیر کے لئے حرکت دیں۔ یاد رکھیں اگر آپ نے ونڈوز کلک کئے رکھے ہوئے ماؤس کو حرکت دیں گے تو آپ کی ونڈو بھی ماؤس کی حرکت کے ساتھ ہی حرکت کرے گی۔ اور ایسا ہی ہونا چاہئے۔۔ مطلوبہ نتیجہ حاصل کرنے تک یعنی دیگر ونڈوز کے minimize ہونے تک، ماؤس کو حرکت دیں۔۔ صرف تین چار بار حرکت دینے کے بعد آپ خود دیکھیں گے کہ اس ونڈو کے علاوہ باقی تمام ونڈوز غائب ہو کے minimize ہو چکی ہیں۔ مزید آسانی سے سمجھنے کی خاطر سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔





اگر Aero Shake کا فیچر آپ کی ونڈوز سیون میں کام نہیں کرتا تو یہی کام آپ Win + home کے کی بورڈ شارٹ کٹ سے بھی انجام دے سکتے ہیں۔ کسی بھی ونڈو میں کام کرتے ہوئے Win + home کا کمبی نیشن استعمال کریں۔ یعنی Win اور home کا بٹن ایک ساتھ پریس کریں۔



آپ دیکھیں گے کہ جس ونڈو پر آپ نے یہ کی بورڈ شارٹ کٹ اپلائے کیا ہے، اُس کے علاوہ تمام ونڈوز غائب ہو چکی ہوں گی۔

## اب ہم سیکھیں گے دوسرا طریقہ یعنی Minimize All Windows

اس کے لئے ہم استعمال کریں گے Win + D کا کی بورڈ کمبی نیشن۔۔ جب بھی آپ تمام کھلی ہوئی ونڈوز کو ایک ساتھ minimize کرنا چاہیں تو آپ یہ والا یعنی Win + D کی بورڈ شارٹ کٹ استعمال کریں گے۔ یعنی Win اور D کا بٹن ایک ساتھ پریس کریں گے۔ اس طرح تمام ونڈوز minimize ہو جائیں گی۔۔ ایک بار پھر اگر آپ Win + D کا کمبی نیشن استعمال کریں گے تو تمام کی تمام ونڈوز دوبارہ سے maximize ہو جائیں گی۔۔ اور آپ پہلے والی حالت میں واپس آ جائیں گے۔



ٹیوٹوریل ختم کرنے سے قبل ہم ایک اور چیز بھی سیکھتے جاتے ہیں۔۔ اگر آپ کسی بھی موقع پر اپنی ڈیسک ٹاپ دیکھنا چاہیں تو ٹاسک بار کی مدد سے کی بورڈ کیز کے استعمال کے بغیر، صرف ماؤس کے استعمال سے آپ یہ کام کیسے کر سکتے ہیں؟

ٹاسک بار پر بلکل نیچے انتہائی دائیں جانب آپ کو show desktop کا بٹن دکھائی دے گا۔۔ اگر آپ اپنے ماؤس کے پوائنٹر کو اُس بٹن پر کچھ دیر کے لئے رکھیں (یاد رکھیں پریس کرنے کا نہیں صرف ماؤس کو اس کے اوپر لانے کا کہا ہے) تو آپ کو تمام ونڈوز transparent نظر آنا شروع ہو جائیں گی۔ اور آپ اپنی ڈیسک ٹاپ پر ضرورت پڑنے پر کسی بھی وقت ایک نگاہ با آسانی ڈال سکتے

ہیں۔یادرہے کہ اس طرح کوئی بھی ونڈوز minimize ہرگز نہیں ہوگی اور جیسے ہی آپ ماؤس کا پوائنٹر show desktop کے بٹن سے دور کریں گے تو ساری ونڈوز پہلے والی حالت میں آپ کو نظر آنا شروع ہو جائیں گی۔۔

اگر آپ show desktop پر ماؤس کا پوائنٹر لا کے کلک کر دیتے ہیں تو اس طرح آپ کی تمام ونڈوز minimize ہو جائیں گی۔اور اسی بٹن پر دوبارہ کلک کرنے سے تمام ونڈوز دوبارہ سے آپ کے سامنے اوپن ہو جائیں گی۔





تو یہ تھے ونڈوز سیون میں ونڈوز minimize کرنے کے مختلف طریقے۔۔امید کرتا ہوں آپ کو پسند آئے ہوں گے۔۔اجازت دیجئے۔فی امان اللہ۔

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......


کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون صارف ہیں اور آپ کے کمپیوٹر میں کسی قسم کی کوئی خرابی پیدا ہو جاتی ہے تو ونڈوز سیون ایک ڈاکٹر کی طرح آپ کے کمپیوٹر کی خرابی کو تشخیص کرتی ہے اور اس کا بہترین حل بھی تجویز کرتی ہے۔ یہ سب کیسے ہوتا ہے؟۔آئیں مل کر دیکھتے ہیں۔

سب سے پہلے **سٹارٹ مینیو میں سٹارٹ کے بٹن** پر کلک کریں اور سرچ باکس میں Troubleshoot لکھ کر **اینٹر کا بٹن** دبائیں۔ یا پھر اوپر سامنے آجانے والے نتائج میں سے Troubleshooting کی آپشن کا انتخاب کریں۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ




ونڈوز سیون کے Troubleshooter کی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ جیسے کہ نیچے والے سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔




اب یہاں پر آپ کو مختلف پروبلمز کی آپشنز مختلف کیٹا گریز میں دکھائی دیں گی۔ آپ کو کمپیوٹر میں جس قسم کی پروبلم محسوس ہو رہی ہے اُس سے ملتا جلتا حل آپ مختلف کیٹا گریز سے تلاش کرلیں۔


اگرچہ مجھے تو اپنے لیپ ٹاپ میں کوئی مسئلہ معلوم نہیں ہو رہا، مگر پھر بھی مثال کیلئے میں کوئی مسئلہ فرض کر کے بات کو آگے بڑھاتا ہوں۔ چلیں پہلی آپشن کا ہی استعمال کر لیتے ہیں۔

فرض کریں کہ میری ونڈوز سیون کو ونڈوز کے پچھلے ورژنز کے لئے بنائے جانے والے کسی پروگرام کو چلانے میں مشکل پیش آرہی ہے۔ اب اس مقصد کے لئے میں پروگرامز کے اندر دی گئی واحد آپشن یعنی Run programs made for previous versions of Windows پر کلک کرتا ہوں۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




Copyright Protected © I*Am*Hummad~

لیں جی! اب میرے سامنے Program Compatibility کی ونڈو نمودار ہو گئی۔





جیسے ہی میں نے Next پر کلک کیا، درج ذیل سکرین میرے سامنے نمودار ہو گئی۔ جس کا مطلب ہے کہ ونڈوز سیون ایک ماہر کی طرح ونڈوز میں نقص ڈھونڈنے کی کوشش میں مصروف ہے۔





چند سیکنڈز تک چلنے کے بعد یہ پروسیس اپنے اختتام کو پہنچ گیا، تو اب مجھے سسٹم میں موجود تمام پروگرامز کی ایک لسٹ دکھائی دی۔ جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔

Copyright Protected © All rights reserved ~I*Am*Hummad~





جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ مجھے کسی بھی پروگرام میں کوئی پروبلم دکھائی نہیں دے رہی اور یہ سب میں ٹیوٹوریل بنانے کی غرض سے ایک مثال فرض کی ہے۔ تو میں اوپر والی لسٹ میں سے کسی بھی ایک پروگرام کو سلیکٹ کر کے نیکسٹ کا بٹن دبا دیتا ہوں۔ اب میرے سامنے اس طرح کی سکرین نمودار ہوگی۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




چونکہ ہم اس ٹیوٹوریل میں Windows 7 Troubleshooter کو ڈسکس کر رہے ہیں تو اب

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~

ہم اوپر والے سکرین شاٹ میں دی گئی دو آپشنز میں سے دوسری آپشن یعنی Troubleshoot program کا انتخاب کریں گے۔ اب ہمارے پاس اس پروگرام کی ممکنہ پروبلمز کی لسٹ ہمارے سامنے نمودار ہو جائے گی۔ چونکہ میری نظر میں میرے لیپ ٹاپ کے کسی پروگرام میں پروبلم ہے ہی نہیں، تو میں کسی بھی ایک آپشن کو سلیکٹ کر کے نیکسٹ کا بٹن دبا دیتا ہوں۔




مختلف پروگرامز، اور مختلف پروبلمز کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے ونڈوز آپ سے نیکسٹ کرنے پر مزید سوالات بھی پوچھ سکتی ہے۔ بلکل اُسی طرح جس طرح ڈاکٹر آپ سے پوچھتا ہے کہ آنکھوں میں درد ہو رہا ہے؟۔ نیند نہیں آتی؟۔ خارش زیادہ ہوتی ہے؟۔ وغیرہ وغیرہ۔ اور پھر آپ کی بیماری کی تشخیص کرتا ہے۔ مسکراتے ہوئے۔

دوستو! ونڈوز کے پچھلے ورژنز میں بھی troubleshooters موجود ہوتے تھے، مگر میرے تجربے کے مطابق وہ اکثر پروبلم کی تشخیص درست انداز سے نہیں کرتے تھے۔ مثال کے طور پر ایکس پی پر جب بھی میں نے ٹرائے کیا تو سوالات کم ہوتے تھے، جوابات کی بنیاد پر درست تشخیص نہیں ہوتی تھی اور کچھ ہی دیر بعد جواب مل جاتا تھا کہ This device is working properly۔ یعنی کہ سرے سے کوئی مسئلہ ہے ہی نہیں۔ (بندہ پوچھے پھر رونا کس بات کا ہے۔ مسکراتے ہوئے)

لیکن دوستو! دوسری طرف ونڈوز سیون کے troubleshooter کو استعمال کرنے سے نہ صرف آپ مختلف پروبلمز کی تشخیص کر سکتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ آپ یہ بھی جان سکتے ہیں کہ کس پروبلم کی عام طور پر کیا وجوہات ہوتی ہیں۔ اوران کے کیا حل ہوتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں آپ کے ایک ٹکٹ میں دو مزے ہورہے ہیں۔ ایک تو خودکار طریقے سے آپ کی پروبلمز کی تشخیص ہو ہی رہی ہے۔ لیکن اس کے بلکل ساتھ ساتھ آپ کے علم میں بھی اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اور آپ پروبلم سالور یا آئی ٹی ایکسپرٹ بھی بنتے چلے جا رہے ہیں (مسکراتے ہوئے)۔۔ اور میرے خیال سے فری میں آئی ٹی ایکسپرٹ بننے کا سپنا اِتنا بُرا سپنا بھی نہیں ہے۔ یہ حقیقت بن سکتا ہے۔ بس اپنے پروبلمز کو خود حل کرنے کی کوشش تو کیجئے۔ آپ کو خود یہ فیچر ضرور پسند آئے گا۔ ان شاءاللہ۔

اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کرتے رہئے گا۔ کیونکہ یہ آپ کا فیڈ بیک ہی ہے، جو نہ صرف حوصلہ افزائی کرتا ہے، بلکہ اپنی خامیوں کو جانچتے ہوئے مجھے آگے زندگی بہت کچھ سیکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ فی امان اللہ


## السّلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

دوستو! کیسے ہیں آپ؟۔امید کرتا ہوں بخیریت ،ٹھیک ٹھاک اور فٹ فاٹ ہوں گے۔ایمان،صحت، مزاج کی بہترین حالت انجوائے کررہے ہوں گے۔اورکوئی نہ کوئی تو شاید دد ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد بھی رکھتا ہی ہوگا(مُسکراتے ہوئے )۔اللہ پاک آپ سب کو ہمیشہ اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین۔

## ☆شئیر کردہ سافٹ وئیر کی ضرورت، افادیت اور اہمیت☆

دوستو! ''تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو'' ۔ایک بھائی صاحب کا میں نے کسی تھریڈ میں ذکر کیا تھا، کہ اُنھوں نے ناچیز کے کہنے پر اپنے کمپیوٹر کی ونڈوز کو ایکس پی سے سیون پر شفٹ کیا تھا۔لیکن موصوف متعدد بار اب بھی ونڈوز سیون کی خامیاں میرے سامنے ڈھونڈ ڈھانڈ کرلاتے رہتے ہیں۔اب بندہ بلکہ بچہ پوچھے کہ میں نے کب اُن کو کہا تھا کہ ونڈوز سیون ایک سو فیصد پرفیکٹ ونڈوز ہے۔ظاہر ہے ہر چیز میں خوبیاں اور خامیاں تو ساتھ ساتھ موجود ہوتی ہیں۔میں تو صرف یہ کہتا ہوں کہ ونڈوز سیون اکثر فیلڈز میں ونڈوز ایکس پی کی نسبت اچھی، خوبصورت اور آسان ونڈوز ثابت ہوئی ہے۔

خیر دوستو! گزشتہ دنوں وہ دوست میرے پاس ایک بار پھر حاضر ہوئے۔فرمانے لگے کہ ''معصوم بچے! تم تو کہتے ہو ونڈوز سیون ایک آسانی سے استعمال کی جاسکنے والی ونڈو ہے''۔میں نے کہا: ''جی فرمائیے، اب کیا موت پڑگئی ہے آپ کو؟۔۔مم میرا مطلب ہے آپ کی ونڈوز کو؟''۔کہنے لگے ''یار! میں اکثر اوقات ونڈوز ایکسپلورر میں ایک فولڈر سے دوسرے فولڈر میں (کبھی کاپی کر کے اور کبھی کٹ کر کے ) اپنی فائلز پیسٹ کرتا رہتا ہوں۔اس مقصد کے لئے میں وہی پرانے کی کمبی نیشنز یعنی Ctrl + c , Ctrl + x, Ctrl + v وغیرہ کا استعمال کرتا ہوں۔جس کیلئے ہر بار کی بورڈ کا استعمال کرنا پڑتا ہے۔



متبادل طریقے کے طور پر میں کبھی کبھار (اوپر والے سکرین شاٹ کی طرح) **آرگنائز کے بٹن** پر کلک کر کے بھی اپنی فائلز کو **کاپی، کٹ اور پیسٹ** کرلیا کرتا ہوں۔ مگر میں چاہتا ہوں کہ کوئی ایسا طریقہ ہو، جس کے ذریعے میں باآسانی ونڈوز ایکسپلورر کی ٹول بار پر ہی کسی طرح **کاپی، کٹ، پیسٹ جیسے بٹن بنالوں**۔ اور جب دل کرے کسی فائل کو کلک کر کے کاپی کے بٹن پر کلک کر دوں، اور جس فولڈر میں پیسٹ کرنا ہو وہاں پر جا کے بس پیسٹ کا بٹن دبا دوں۔" مزید وضاحت کے لئے اُس نے مجھے یہ سکرین شاٹ بھی عنایت فرمایا۔ جہاں بٹنوں کے لئے خالی جگہ واضح ہے۔




اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے وہ بولے:۔ "یار سکرین شاٹ میں دیکھو، کہ ایکسپلورر ٹول بار میں میرے مطلوبہ بٹنوں کے لئے کتنی جگہ خالی بھی پڑی ہوئی ہے۔ تم تو ہر وقت **"بٹن چبا کے، بٹن چبا کے"** کا شور ڈال کے رکھتے ہو۔ اب **بٹن چبانے کی بجائے بٹن لگا کے** دکھا دو۔ اگر تم نے ایسا کر کے دکھا دیا تو میں تُم سے پکا وعدہ کرتا ہوں کہ میں بھی تمہاری طرح موقع بے موقع بٹن چبانا شروع کر دوں گا۔"

معصوم بچے کے پاس تو خوشی کا یہ ایک اچھا اور نادر موقع تھا کہ کوئی شخص اتنی چھوٹی سی بات کے لئے بٹن تک چبانے کو تیار بیٹھا ہے۔ لہٰذا اس موقع کو ضائع نہیں ہونے دینا چاہئے۔ دوستو! بہت ہی جلد معصوم بچے کو **رجسٹری ایڈیٹر** سے ان بٹنوں کو **ایکسپلورر ٹول بار** میں ڈالنے کا ایک طریقہ معلوم ہوگیا۔ مگر پھر معصوم بچہ سوچنے لگا کہ "اب اس خر دماغ کو رجسٹری ایڈیٹر استعمال کرنا کیسے سمجھاؤں۔ کوئی ایسا طریقہ ہونا چاہئے کہ یہ شخص باآسانی یہ کام کسی چھوٹی موٹی یوٹیلیٹی کے ذریعے آسانی سے انجام دے سکے"۔

اللہ رب العزت کی کرم نوازی اور اُستاد بشیر کی محنت کی بدولت، معصوم بچے کو ایک ایسی چھوٹی سی یوٹیلیٹی


نظر آ ہی گئی۔ اس تھریڈ میں اس یوٹیلیٹی کا ہی ریویو دینے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔

## ☆اس چُنّے مُنّے سے پروگرام کا اسمِ گرامی اور اس کا کام☆

جی تو دوستو! جو پورٹ ایبل، فری وئیر پروگرام آپ کے پاس لے کر حاضر ہوا ہوں، اُس کا نامِ نامی اور اسمِ گرامی CustomExplorerToolbar ہے۔ اور سائز صرف اور صرف ایک سو پینتالیس کے بی۔ یعنی آپ اس فری وئیر پروگرام کو ایک چُنّا مُنّا سا مفید پروگرام کہہ سکتے ہیں۔ اس پروگرام کی مدد سے آپ ونڈوز سیون کے ایکسپلورر کی ٹول بار میں صرف کاپی، کٹ، پیسٹ ہی نہیں بلکہ اپنی پسند اور نا پسند کے مُطابق اور بہت سارے بٹنوں کا اضافہ کر سکتے ہیں، جن کی تعداد پچیس سے بھی زائد ہے۔ ان پچیس سے زائد بٹنوں میں delete, cut, search, burn, layout, close, burn, copy,slide show,organize,paste,redo,print, select all اور undo جیسے اہم فیچرز پر مشتمل بٹن شامل ہیں، جن کو آپ کسی بھی وقت ایکسپلورر کی ٹول بار میں شامل یا ریموو کر سکتے ہیں۔ مزے کی بات تو یہ ہے کہ الگ الگ Types کے فولڈرز، جیسے پکچرز، ویڈیوز، ڈاکومینٹس فولڈرز کے لئے آپ الگ الگ بٹن بھی اپنی ایکسپلورر ٹول بار میں ایڈ کر سکتے ہیں۔ مثلاً آپ پکچرز فولڈر کی مُناسبت سے اُس میں e-mail,remove properties اور burn جیسے بٹنز اور ڈاکومنٹس کی صورت میں کاپی، کٹ، پیسٹ، ڈیلیٹ جیسے بٹن ایڈ کر سکتے ہیں۔

## ☆ری ویو کے بعد اب چلتے ہیں استعمال کے طریقہ کار کی جانب☆


سب سے پہلے اس پروگرام کو اس تھریڈ میں دی گئی اٹیچمنٹ کے ذریعے ڈاؤنلوڈ کر لیجئے۔ اور پھر زِپ فائل کو ایکسٹریکٹ کر لیجئے۔ (یاد رہے کہ آپ کو یہ پروگرام انسٹال کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ایک پورٹ ایبل یوٹیلیٹی ہے)۔ اس کے بعد CustomExplorerToolbar کے نام پر مُشتمل ایگزی فائل کو رن کیجئے۔




اگر یہاں آپ کا واسطہ User Account Control نام کی ونڈو سے پڑ جائے تو کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے yes پر کلک کر دیجئے۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




اب پروگرام آپ کے پاس ان شاء اللہ اوپن ہو جائے گا۔ دیکھئے سکرین شاٹ۔





اوپر والے سکرین شاٹ کے مطابق ایکشن کی آپشن میں سے Add the specified

toolbar buttons کی آپشن اور ٹول بار موڈ کی آپشن میں سے One or more items are selected کی آپشن منتخب کیجئے۔ بٹن لسٹ میں سے اپنی پسند کے بٹن منتخب کر لیجئے۔ اوپر والے سکرین شاٹ میں، میں نے کاپی، ڈیلیٹ، کٹ، پیسٹ، ری نیم اور سلیکٹ آل کے بٹنوں کا انتخاب کیا ہے۔ (آپ اپنی پسند کے مُطابق کر لیجئے)۔ اس کے بعد ایکسپلورر کے جس جس فولڈر میں آپ یہ سیٹنگز رکھنا چاہتے ہیں، اُن کا انتخاب کیجئے۔ مثال کے طور پر میں نے اوپر والے سکرین شاٹ میں ڈاکومنٹس، وڈیوز، پکچرز وغیرہ سب کا انتخاب ایک ساتھ ہی کیا ہے۔ (آپ اپنی پسند کے مُطابق کر لیجئے)۔ اور آخر میں Do It ! کا بٹن چبا لیجئے۔ ونڈوز ایکسپلورر کو ری سٹارٹ کیجئے۔ کسی بھی فولڈر میں جا کر کسی فائل پر کلک کیجئے۔ آپ کی سلیکٹ کی گئی آپشنز آپ کے سامنے ہوں گی۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




## ☆کسی بھی بٹن کو ختم کرنے کا طریقہ☆

اگر آپ کسی بھی بٹن کو لسٹ سے ختم کرنا چاہیں تو اس کا طریقہ کار بھی نہایت آسان ہے۔ تبدیلی صرف یہ کرنی ہے کہ ایکشن کی آپشن میں سے Add the specified toolbar buttons کی بجائے Remove the specified toolbar button بٹن کا انتخاب کر لیجئے۔




اور جس بٹن کو آپ ٹول بار سے ختم کرنا چاہتے ہوں، اُس کو منتخب کرنے کے بعد **Do It !** کے بٹن پر کلک کر لیجئے۔ (یاد رہے ایڈ کرنے کی طرح ریموو کرتے وقت بھی آپ کے پاس یہ آپشن موجود ہے کہ آپ کسی خاص فولڈر کے لئے کسی خاص بٹن کو ریموو کر سکتے ہیں۔ ہر فولڈر کے ہر بٹن کو ایک ساتھ ریموو کرنا ضروری ہرگز نہیں ہے)۔

جی تو دوستو! ونڈوز سیون کے استعمال کے دوران اپنے لئے مزید آسانیاں اور سہولیات پیدا کیجئے۔ ونڈوز سیون میں ونڈوز ایکسپلورر کے استعمال کے دوران ان مختلف فیچرز کے بٹنز کو ایڈ یا ریموو کرنے والے اس چھوٹے سے مفید سافٹ ویئر کو استعمال کیجئے۔ فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کرتے رہا کیجئے، تھریڈز کے معیار کو بہتر بنانے اور خامیوں پر قابو پانے کے لئے آپ کی فیڈ بیک میرے لئے نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ اپنی قیمتی دعاؤں میں ناچیز کو یاد رکھئے اور اس تھریڈ سے اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

http://www.4shared.com/zip/INKDB4NW/customexplorertoolbar.html


# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شایددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون استعمال کرتے ہیں تو آپ جانتے ہی ہوں گے کہ کسی فولڈر کے رائٹ کلک مینیو میں Sort by اور Group by کی آپشنز سے ہم اُس فولڈر کی فائلز اور ڈاکومینٹس کو پہلے سے زیادہ بہترین انداز میں مینیج اور ترتیب دے سکتے ہیں۔مثال کے طور پر آپ فائلز کی تشکیل اور ترتیب نام، قسم، تاریخ وغیرہ کے حساب سے دے سکتے ہیں، مگر کچھ لوگوں کو Sort by اور Group by کے استعمال کے بارے میں بلکل علم نہیں ہوتا۔اس تھریڈ میں ہم آپس میں مل کر، اُستاد بشیر سے یہی سیکھنے کی کوشش کریں گے۔

جس فولڈر کے اندر موجود فائلز کو آپ ارینج کرنا چاہتے ہوں، سب سے پہلے اُس فولڈر کو اوپن کر لیجیے۔


اس کے بعد فولڈر کی خالی سفید بیک گراونڈ میں کسی بھی جگہ پر رائٹ کلک کیجیے۔آپ کو رائٹ کلک مینیو دکھائی دے گا۔جس کے اندر Sort by اور Group by کی آپشنز بھی موجود ہوں گی۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔





دوستو! اگر آپ اپنی فائلز کو sort کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ ونڈوز کو بتا رہے ہیں کہ میری فائلز کو بتائے گئے طریقے پر ری ارینج کر دو۔ اس کے برعکس اگر آپ اپنی فائلز کو group کے حساب سے تشکیل دینا چاہتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ ایک ہی فولڈر کے اندر آپ کی فائلز مختلف حصوں میں تقسیم ہو رہی ہیں۔ یعنی آپ اپنی فائلز کو کیٹاگرائز کر رہے ہیں۔ اور ارینج ہونے کے بعد فائلز مختلف ذیلی سرخیوں کی شکل میں group کے حساب سے دکھائی دیں گی اور ہر group کے اندر فائلز خاص ترتیب میں ہوں گی یعنی sort کی گئی ہوں گی۔ درج ذیل سکرین شاٹ کو دیکھ کر آپ باآسانی سمجھ جائیں گے کہ کس طرح مختلف ہیڈنگز یا سرخیوں کے تحت فائلز گروپ کی شکل میں ارینج ہو چکی ہیں۔ اور یہ group by کے فیچر کا کمال ہے۔۔ اسی طرح ہر گروپ کے اندر بھی فائلز ایک خاص ترتیب یعنی نام، تاریخ وغیرہ کے حساب سے محفوظ ہیں اور یہ sort by کے فیچر کا کمال ہے۔ دیکھیں سکرین شاٹ




ڈیفالٹ طور پر آپ اپنی فائلز کو sort یا group کی آپشنز کے استعمال کے ذریعے name, date modified, type اور size کے حساب سے ترتیب دے سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ چاہیں تو More پر کلک کرنے سے آپ کو اپنی فائلز کو تشکیل دینے کی اور بھی ڈھیر ساری آپشنز آن کر کے اُن کو استعمال کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے More پر کلک کیجئے۔ دیکھیں سکرین شاٹ




ایک نئی ونڈو Choose Details کے عنوان سے آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ جہاں پر آپ کو name, date modified, type اور size کی آپشنز سلیکٹ دکھائی دیں گی۔ یعنی ان کے ساتھ موجود چیک باکسز سلیکٹ دکھائی دیں گے۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ




اوپر والے سکرین شاٹ میں دی گئی آپشنز میں سے مزید آپشنز بھی آپ اپنے حساب سے آن کر سکتے ہیں۔مثال کے طور پر اگر آپ کے پاس نعتوں یا دیگر اقسام کی آڈیوز موجود ہیں تو آپ اپنی آڈیو فائلز کو ارینج کرنے کے لئے album اور album artist کی آپشنز آن کر سکتے ہیں۔اگر آپ کے پاس تصاویر (خاص طور پر خود سے کھینچی گئی تصاویر) کا ذخیرہ موجود ہے تو آپ ان کو ترتیب دینے کے لئے date taken, focal length اور camera model جیسی آپشنز آن کر سکتے ہیں۔اسی طرح آپ ورڈ ڈاکومینٹس کو word count اور authors کے حساب سے ترتیب دینے کی آپشنز کو آن کر سکتے ہیں۔

اس کے لئے کرنا آپ کو صرف اتنا ہے کہ جس طرح اوپر والے سکرین شاٹ میں پہلی چار آئٹمز کے ساتھ موجود چیک باکس سلیکٹ ہیں، بلکل اسی طرح اپنی پسند کے دیگر آپشنز کو بھی سلیکٹ کر لیں۔اور پھر آخر میں اوکے پر کلک کر دیں۔اب جب آپ اُسی فولڈر میں رائٹ کلک کریں گے اور Sort by یا

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~ All rights reserved

Group by کی آپشن کا انتخاب کریں گے تو آپ کو وہاں پر ڈیفالٹ آپشنز کے علاوہ وہ **تمام نئ آپشنز** موجود دکھائی دیں گی جن کو آپ نے ابھی آن کیا ہے۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




امید ہے کہ سورٹ بائے اور گروپ بائے کی آپشنز کی کافی حد تک سمجھ آ چکی ہوگی۔

اب چاہے آپ کا فولڈر کتنا بھی بڑا کیوں نہ ہو۔ اس کے اندر موجود فائلز بے ڈھنگ اور کوڑا کرکٹ کی طرح دکھائی نہیں دیں گی۔ ونڈوز سیون کے اس سپیشل فیچر کو انجوائے کیجئے۔ اس سے آپ کے فولڈرز خوبصورت دکھائی دیں گے، آپ کو کام کرنے میں آسانی ہوگی، اور فائلز کو تلاش کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوگی۔ اپنی دعاؤں میں معصوم بچے کو یاد رکھئے گا۔ آپ کے فیڈ بیک کا منتظر رہوں گا۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون استعمال کرتے ہیں تو آپ جانتے ہی ہوں گے کہ یہ بہت ہی خوبصورت ونڈوز ہے۔ اور Aero themes اس کو مزید خوبصورت اور جاذبِ نظر بناتی ہیں۔ مگر یہ سب خوبصورتی اور جاذب نظری، اکثر اوقات اس لئے پریشانی کا باعث بن جاتی ہے کیونکہ ان کی وجہ سے کمپیوٹر ریسورسز (گرافک کارڈ، ریم وغیرہ) کا بہت زیادہ استعمال ہو رہا ہوتا ہے۔

ہمارے اکثر دوست ایکس پی والے سسٹم میں ہی معمولی ردو بدل کر کے یا ردو بدل کیئے بغیر ہی ونڈوز سیون انسٹال کر لیتے ہیں۔ اور ونڈوز سیون کی ریکوائرمینٹ بمشکل پوری ہو پاتی ہیں۔ کچھ ہی دیر بعد بہت سے لوگوں کی طرف سے ونڈوز سیون بھی سست روی سے چلنے کی شکایات آنا شروع ہو جاتی ہیں، جس کی سب سے بڑی وجہ ایک طرف تو ریسورسز کا کم دستیاب ہونا، تو دوسری طرف گرافکس کا زیادہ استعمال ہونا ہے۔ آئیں ہم اس تھریڈ میں سیکھتے ہیں کہ کس طرح گرافکس کے فیچر کو کم کر کے ہم اپنے ونڈوز سیون انسٹال شدہ کمپیوٹر کو پہلے سے زیادہ ایفی شینٹ بنا سکتے ہیں۔ اور جو طریقے میں بتانے جا رہا ہوں، اگر ان پر آپ عمل کریں گے تو آپ کے گرافکس کارڈ پر ان شاءاللہ بوجھ بھی کم پڑے گا۔۔ اور اس کے بعد آپ مختلف ایپلیکیشنز، پروگرامز اور گیمز کی کارکردگی میں واضح بہتری دیکھیں گے۔

سب سے پہلے اپنی ڈیسک ٹاپ پر کسی بھی جگہ پر رائیٹ کلک کیجئے۔ اور جو مینیو آپ کے سامنے کھلے گی، اُس میں سے پرسنلائیز کی آپشن کا انتخاب کر لیجئے۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھئے سکرین شاٹ۔




Personalization menu آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔ یہاں پر آپ کو مختلف تھیمز مختلف کیٹا گریز میں تقسیم ہوئی دکھائی دیں گی، جن کو آپ اپنی ڈیسک ٹاپ پر استعمال کر سکتے ہیں۔ ڈیفالٹ کے طور پر Aero کی تھیمز کا انتخاب ہوا ہوتا ہے۔ جن کے اندر ہر ونڈو کے ٹرانسپیرنٹ فریم اور خوبصورت کارنرز وغیرہ جیسے فیچر ہوتے ہیں۔ سکرین شاٹ دیکھیں۔




اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا سسٹم پہلے سے زیادہ ایفی شینٹ ہو جائے تو اوپر والے سکرین شاٹ کے مطابق Windows 7 میں سے Basic and High Contrast themes Basic theme یا کسی اور تھیم کا انتخاب کر لیجئے۔ اگر آپ کا گرافک کارڈ زیادہ اچھی کوالٹی کا نہیں ہے، تو اس پر پڑنے والا بوجھ اس طرح کافی حد تک کم ہو جائے گا۔

☆×–×☆×–×☆×–×☆☆×–×☆


اگر آپ گرافکس کو کم کر کے اپنے کمپیوٹر کی کارکردگی میں مزید بہتری لانا چاہتے ہیں تو آپ یہ کام با آسانی System Properties menu میں visual effect کو ایڈٹ کر کے انجام دے سکتے ہیں۔

سب سے پہلے ڈیسک ٹاپ پر کمپیوٹر کے آئیکون پر یا سٹارٹ مینیو میں کمپیوٹر کے آئیکون پر رائٹ کلک کیجئے اور پھر اس کے بعد Properties کا انتخاب کر لیجئے۔ دیکھئے سکرین شاٹ





اس طرح آپ System Properties menu میں داخل ہو جائیں گے۔ بائیں جانب موجود ٹاسک مینیو میں سے Advanced system settings کا آپشن سلیکٹ کر لیجئے۔


دیکھئے سکرین شاٹ




نئ کھلنے والی ونڈو میں سے پہلے **Advanced tab** کا انتخاب کیجئے۔ اس کے بعد **Performance** سیکشن کے ساتھ موجود **Settings** کے بٹن پر کلک کیجئے۔ مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے





**Performance Options** کے عنوان پر مشتمل ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔ درج ذیل سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔




اوپر والے سکرین شاٹ میں آپ واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں کہ سوائے ایک آپشن کے باقی تمام آپشنز ڈیفالٹ طور پر سلیکٹ شدہ ہیں۔ان تمام آپشنز میں آپ اپنے حساب سے تبدیلیاں کر سکتے ہیں اور ہر تبدیلی کے بعد Apply کرکے اُس تبدیلی کا رزلٹ چیک کر سکتے ہیں۔

اگر آپ زیادہ تجربات نہیں کرنا چاہتے تو میں بھی آسانی کی خاطر کچھ وضاحت، کُچھ ٹپس پیش کئے دیتا ہوں۔۔جو افیکٹس سب سے زیادہ ریسورسز استعمال کرتے ہیں اُن میں fading out menus, animating windows and controls, visual styles on windows and buttons وغیرہ شامل ہیں۔اس کے علاوہ چند دیگر فیچرز، جیسے smoothing screen fonts وغیرہ کو آپ سلیکٹ ہی رہنے دیں تو بہتر ہے۔ کیونکہ یہ آپ کے لئے (خصوصاً آپ کی آنکھوں کے لئے) مددگار ثابت ہوتے ہیں۔اگر آپ میری recomend

کی ہوئی سیٹنگ کرنا چاہتے ہیں تو درج ذیل سکرین شاٹ کو بغور دیکھ کر، اِن کے مطابق مختلف آپشنز کو سلیکٹ یا اَن سلیکٹ کر لیجئے۔




اس کے بعد اوکے پر کلک کر دیجئے۔ اگر چہ اب آپ کی ڈیسک ٹاپ اور ونڈوز سیون پہلے کی طرح تو خوبصورت نہیں دکھائی دے گی، مگر ونڈوز ایکس پی سے منتقل ہونے والے صارفین کے لئے اب بھی فرق کوئی واضح معلوم نہیں ہوگا۔ جبکہ دوسری جانب گرافکس کے کم استعمال سے آپ کا کمپیوٹر یقیناً اب چلنے کی بجائے دوڑے گا۔ امید کرتا ہوں یہ ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہوگا۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

## السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

امید کرتا ہوں کہ آپ سب خیریت سے ہوں گے اور ایمان، صحت و مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے۔ اللہ سوہنا سب کو ہمیشہ اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

دوستو! آج ہم تذکرہ کرنے جا رہے ہیں ونڈوز سیون کے ایک جادوئی، اور حیران کن فولڈر کا، جس کا نام God Mode ہے۔ گزشتہ دنوں دوستوں کے ساتھ جدید آئی ٹی نیوز اور ایجادات کے بارے میں بات ہو رہی تھی، تو ایک دوست نے اس کا بھی تذکرہ کیا تھا۔ اگرچہ اُس وقت کُچھ سمجھ نہ آئی تھی، مگر جب گھر آ کے ریسرچ کی، اور اس ٹاپک کے بارے میں جان کر اچھا لگا تو میں نے سوچا کہ اس کے بارے میں مکمل تھریڈ ہی بنا دینا چاہیئے۔

دوستو! God Mode صرف ایک فولڈر نہیں ہے، بلکہ اس کو دوسرے الفاظ میں آپ کنٹرول پینل کا دادا ابّا بھی کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ کنٹرول پینل میں اگرچہ تمام کمپیوٹر کا مکمل کنٹرول موجود ہوتا ہے، مگر عام یوزر کے لئے اس قدر آسان انداز میں ہر چیز سامنے موجود نہیں ہوتی جس طرح God Mode میں ہوتی ہے۔ God Mode میں ونڈوز سیون کے تقریباً تمام ہی سیٹنگ اور ایڈمنسٹریٹو فنکشنز ایک ہی فولڈر کی شکل میں موجود ہوتے ہیں۔ اس کو آپ ایک جمبو کنٹرول پینل بھی کہہ سکتے ہیں جو category style میں ہو، مگر اتنی الجھنوں میں پڑنے کی ضرورت ہی نہیں۔ اس کو آپ آسانی کی خاطر کنٹرول پینل کا دادا ابّا ہی کہہ لیں تو زیادہ اچھا ہے۔ (مسکراتے ہوئے)۔

دوستو! جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ God Mode فولڈر کے ذریعے ہر ٹول تک آپ کی رسائی ایک ہی فولڈر کے اندر ہو جاتی ہے۔ یہ تمام ٹولز Administrative Tools, AutoPlay, Backup and Restore, BitLocker Drive Encryption, Color

Management, Credential Manager, Device Manager, Folder Options کے علاوہ اور بہت سی اقسام میں تقسیم کئے گئے ہیں۔اور جہاں میں نے بہت سی اقسام کا ذکر کیا تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں مذاق کر رہا ہوں، کمپیوٹر کے متعلق ہر ٹول اور ہر سیٹنگ اس کے اندر واقعی میں ہی تو موجود ہے۔


سسٹم ایڈمنسٹریٹرز، آئی ٹی سپورٹرز یا ہیلپرز اور ٹیکنالوجی فائنڈرز اور ڈویلپرز کے لئے ونڈوز سیون کا یہ God Mode خصوصی طور پر بہت کار آمد، مددگار اور اُن کے کام آسان کرنے والا ثابت ہو سکتا ہے۔

دوستو! ونڈوز کے پچھلے ورژنز کے مقابلے میں ونڈوز سیون میں ہر چیز آسان سے آسان تر دکھائی دیتی ہے۔میں عرض یہ کرنا چاہ رہا ہوں کہ اگرچہ تقریباً ہر ٹول اور ہر سیٹنگ تک ہم ونڈوز سیون کی سٹارٹ مینیو کے سرچ باکس میں لکھ کر بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں، لیکن اگر آپ کو یہی معلوم نہ ہو کہ سرچ باکس میں کیا چیز ڈھونڈنے کی خاطر کیا لکھنا ہے (اور مجھ سمیت بہت سے لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا)، تو پھر یہ God Mode ہی آپ کے زیادہ اچھا کام آسکتا ہے۔اور تو اور اس کے استعمال کا یہ فائدہ بھی ہے کہ جیسے جیسے آپ کو God Mode استعمال کرنے کی عادت پڑتی چلی جائے گی، اُس کے ساتھ ساتھ آپ کو ہر بنیادی کیٹاگری کے اندر موجود ہر چیز کا نام اور ٹائٹل بھی ازبر ہوتا چلا جائے گا، اور ساتھ ساتھ آپ کو یہ اندازہ بھی ہوتا چلا جائے گا کہ اگر ونڈوز سیون کا سرچ باکس بھی استعمال کرنا ہو تو وہاں کس چیز کو حاصل کرنے کے لئے کیا الفاظ لکھنا زیادہ بہتر ہے۔تو دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون استعمال کرتے ہیں تو God Mode کو استعمال کر کے دیکھیئے۔ہو سکتا ہے کہ ہر چیز ایک ہی فولڈر کے اندر موجود ہونے کا فائدہ حاصل کر کے جلد ہی آپ خود کو کمپیوٹر ایکسپرٹ سمجھنا شروع کر دیں (مسکراتے ہوئے)۔

خیر دوستو! میرے خیال سے تمہید ضرورت سے زیادہ ہی لمبی ہوتی چلی جا رہی ہے، اور God Mode

کا اتنا تعارف کافی ہے۔اصل کام تو اس تک رسائی حاصل کرنے کا ہے، جس کو میں بیان ہی نہیں کر رہا۔
تو چلیں! اب آپ کی بے چینی عروج پر پہنچ ہی چکی ہے تو اب ہم مل کر اس تک رسائی کا طریقہ کار بھی معلوم کر لیتے ہیں۔


جی تو دوستو! سب سے پہلے اپنی ڈیسک ٹاپ میں یا جس بھی فولڈر میں آپ God Mode کا فولڈر بنانا چاہتے ہیں، وہاں پر رائٹ کلک کریں۔ اور New کی آپشن کے اندر Folder پر کلک کر دیں۔مزید رہنمائی کے لئے ملاحظہ کیجئے سکرین شاٹ۔




ایک نیا فولڈر معرض وجود میں آ جائے گا، جس کی شکل کچھ یوں دکھائی دے گی۔




اب فولڈر کے نام کی جگہ پر
GodMode.{ED7BA470-8E54-465E-825C-99712043E01C}
لکھ کر انیٹر کا بٹن دبا دیں۔ (آپ کی آسانی کی خاطر یہ کوڈ میں تھریڈ کے نیچے بھی لکھ رہا ہوں۔ جہاں سے آپ با آسانی اس کو کاپی کر کے فولڈر کے نام میں پیسٹ کر سکتے ہیں)۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔





اب آپ کے سامنے GodMode نام کا فولڈر آ جائے گا۔ جس کے ساتھ عام فولڈر والے آئیکون کی بجائے کنٹرول پینل کا آئیکون موجود ہوگا۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




جی تو دوستو! آپ نے کامیابی سے God Mode کا فولڈر بنالیا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہو رہا ہوگا کہ یہ فولڈر کس طرح سے آپ کے کام آسکتا ہے۔ یا یہ کہ کیا واقعی میں اس کا کوئی فائدہ بھی ہے یا اپنا وقت برباد ہی کیا ہے؟ کیا کمپیوٹر ایکسپرٹ یا محض ایک عام کمپیوٹر صارف کی حیثیت سے بھی یہ فولڈر آپ کے کمپیوٹر استعمال کرنے میں آسانی پیدا کرے گا یا نہیں؟ چند مثالوں سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

فرض کریں کہ آپ نے اپنی ہارڈ ڈرائیو کو ڈی فریگ مینٹ کرنا ہے۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ ڈسک ڈی فرگمینٹ کے ذریعے ہم ہارڈ ڈسک میں موجود ہر پروگرام، ہر فائل کو ڈسک کے اندر مختلف حصوں سے ٹکروں کی شکل میں اُٹھا کر یکجا کر دیتے ہیں تا کہ جب بھی ہم اس تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کریں تو اس کو اوپن ہونے میں وقت نہ لگے۔ اور ہارڈ ڈسک کی ایفی شینسی بھی بڑھ جائے۔ اس مقصد کے لئے اکثر لوگ سٹارٹ مینیو میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کرنے کے بعد All Programs میں جانتے ہیں، وہاں سے Accessories میں جانے کے بعد System Tools کا انتخاب کرتے ہیں اور پھر Disk Defrgamenter پر کلک کرتے ہیں۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




مگر God Mode کی موجودگی میں اتنے لمبے کاموں میں پڑنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟۔ یہ تو آپ کو بلاوجہ نہ صرف متعدد جگہوں پر کلک کرنا پڑ رہا ہے، بلکہ ہر چیز کو ڈھونڈنے کی مشکل الگ سے آپ کے سامنے ہے۔ کیا اس کا یہ آسان طریقہ نہیں معلوم ہوتا کہ آپ پہلے God Mode کا فولڈر اوپن کریں اور پھر اسی فولڈر میں سامنے موجود دوسری کیٹاگری یعنی Administrative Tools کے اندر موجود Defragment your hard drive پر کلک کر دیں۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




دوستو! اس کے علاوہ عام کنٹرول پینل اور God Mode میں یہ فرق بھی ہے کہ God Mode میں ٹولز کے نام اس طرح دیئے گئے ہوتے ہیں جو تھوڑی سی انگلش جاننے والا عام کمپیوٹر صارف با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ مثال کے طور پر کنٹرول پینل میں آپ کو ایک آپشن BitLocker Drive Encryption کے نام سے دکھائی دے گی۔ جس کا لفظی مطلب اکثر لوگوں کو معلوم نہیں ہوگا (مجھے بھی نہیں معلوم تھا)۔ God Mode میں جب آپ نے یہی آپشن منتخب کرنی ہے تو اس کا نام آسان الفاظ پر مشتمل ہے، یعنی Protect your computer by encrypting data on your disk جو آپ کو کنٹرول پینل میں موجود نام کی نسبت با آسانی سمجھ آ سکتا ہے۔

جی تو دوستو! یہ تھی God Mode کے عنوان پر میری ایک چھوٹی سی کاوش۔ امید کرتا ہوں آپ کو پسند آئی ہوگی۔ آپ کے پازیٹو فیڈ بیک کا ہمیشہ کی طرح کھلے دل سے منتظر رہوں گا۔ کیونکہ یہ آپ کا فیڈ بیک ہی ہوتا ہے جو مزید کام کرنے کی جستجو کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

اللہ آپ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! جیسا کہ متعدد بار تذکرہ ہو چکا اور آپ جانتے ہی ہیں کہ ونڈوز سیون میں نت نئے ایسے فیچرز شامل ہیں، جن کے استعمال کے لئے ونڈوز کے پچھلے ورژنز میں ہمیں **تھرڈ پارٹی سافٹ ویئرز** کا سہارا لینا پڑتا تھا۔مگر ونڈوز سیون میں وہ یوٹیلیٹیز پہلے سے ہی **بلٹ ان** ہوتی ہیں۔

دوستو! مائکروسافٹ نے جب **ونڈوز کا ورژن نمبر ایک** یعنی **وِنڈوز وَن** کو لانچ کیا تھا، تو اس کے اندر ایک عدد کیلکولیٹر بھی موجود تھا۔ **وِنڈوز وَن کو انیس سو پچاسی** میں لانچ کیا گیا تھا۔ **ونڈوز ون سے لے کر ونڈوز وسٹا تک** ونڈوز کے ہر ورژن میں کیلکولیٹر موجود تھا، مگر نہ صرف اُس کی شکل ایسی تھی بلکہ اُس سے کئے جا سکنے والے کام ایسے بنیادی نوعیت کے تھے، جو ایک **ناک کی چونچ پر عینک دھرے** ہوئے کلرک حضرات مختلف اداروں میں کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔(مسکراتے ہوئے)

مگر دوستو! ونڈوز سیون کے اندر مائکروسافٹ نے جو کیلکولیٹر متعارف کروایا، اُس کے اندر بہت سے نئے فیچرز بھی شامل کر ڈالے۔ کچھ فیچرز ایسے ہیں جن کے لئے **پہلے ہم تھرڈ پارٹی سافٹ ویئرز** کا استعمال کیا کرتے تھے، مگر اب ہمیں ان سافٹ ویئرز کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی۔ آئیں دیکھتے ہیں کہ یہ فیچرز کیا ہیں اور ان کو کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

جی تو سب سے پہلے کیلکولیٹر کھولنے کے لئے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور پھر سرچ باکس میں **calc** ٹائپ کریں اور اینٹر کا بٹن دبا دیں۔ یا پھر رزلٹ میں نظر آنے والے کیلکولیٹر کے آئیکون پر کلک کریں۔ مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~ Ask Questions





اب آپ کے سامنے کیلکو لیٹر آن ہو جائے گا۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں





جی تو دوستو! یہ شکل تو آپ کے لئے بلکل جانی پہچانی سی ہوگی۔ یہ کیلکو لیٹر کا سٹینڈرڈ ورژن ہے، جو پچھلی ونڈوز میں بھی ہوا کرتا تھا، یہاں سے آپ بنیادی جمع، تفریق، ضرب، تقسیم وغیرہ کی کیلکولیشنز با آسانی کر سکتے ہیں۔

لیکن ابھی تو کہانی شروع ہوئی ہے۔ آیئے اس سے تھوڑا سا آگے کی طرف چلتے ہیں۔ سب سے پہلے رُخ کرتے ہیں History فیچر کا۔ یہ فیچر واقعی میں بہت مددگار ہے۔ اس کے استعمال سے آپ با آسانی دیکھ سکتے ہیں کہ کیلکو لیٹر پر موجودہ وقت سے پہلے آپ نے کون کون سی کیلکولیشنز کی ہیں۔ اور کیا وہ کیلکولیشنز درست بھی تھیں یا غلط۔ History کے فیچر کو استعمال کرنے کے لئے آپ اپنے کی بورڈ سے Ctrl + H پریس کی جیئے۔ یا View میں History پر کلک کر دیجئے۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ

Copyright Protected © As ~I*Am*Hummad~





اب ہم View مینیو میں موجود دو نئے فیچرز یعنی Programmer اور Statistics کا تذکرہ کرتے ہیں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔




یہ دونوں آپشنز ونڈوز کے پچھلے ورژنز میں موجود کیلکولیٹرز میں دستیاب نہ تھیں۔

اگر آپ کچھ بائنری آپریشنز پرفارم کرنا چاہتے ہیں یا پھر ہیگسا ڈیسیمل میتھ پرفارم کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کے لئے ایک اچھی آپشن ہے۔مائکروسافٹ کے مطابق پروگرامر موڈ کی ایکوریسی 64 bits تک ہے، جوکہ سلیکٹ کئے گئے ورڈ سائز کے حساب سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔اس آپشن سے میرا تو کوئی لینا دینا نہیں، اس لئے میں اس کو استعمال بھی کبھی نہیں کیا۔مگر پروگرامنگ جاننے والے حضرات کے لئے یہ فیچر بھی فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔




اب تذکرہ کرتے ہیں Statistics موڈ کا۔ Statistics موڈ کی ایک جھلک آپ درج ذیل سکرین شاٹ میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔




Statistics موڈ میں پہلے آپ کو Add بٹن کو استعمال کرتے ہوئے پہلے وہ ہندسے اینٹر کرنے ہوں گی جن کی آپ نے کیلکولیشن کرنی ہے۔ جب آپ یہ کام کر لیں گے تو Statistics موڈ آپ کو دی گئی


Copyright Protected © I*Ali*Hammad All rights reserved

ویلیوز کی ایوریج، دی گئی ویلیوز کے سکوئیر کی ایوریج، ویلیوز کا مجموعہ، ویلیوز کے سکوئیر کا مجموعہ، سٹینڈرڈ ڈیوی ایشن اور پاپولیشن کے سٹینڈرڈ ڈیوی ایشن جیسے فنکشنز پر فارم کر کے دکھا سکتا ہے۔


اب ہم ذکر کرتے ہیں View مینیو میں دی گئی مزید آپشنز یعنی Unit conversion، Date Calculation اور ورک شیٹ کے اندر موجود آپشنز Mortgage، Vehicle Lease، Fuel economy کا۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




جی تو پہلی آپشن ہے یونٹ کنورژن (Unit conversion) کی۔ اکثر اوقات ہمیں ایک یونٹ سے دوسرے یونٹ میں کنورژن کرنی پڑ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اینگلز، ایریا، انرجی، لینتھ، پاور، پریشر، ٹمپریچر، ٹائم، ولاسٹی، والیوم، ویٹ اور ماس وغیرہ کے مختلف یونٹس کی آپس میں تبدیلی۔ اس مقصد کے لئے میں ایکس پی میں چھوٹے موٹے تھرڈ کمپنی کے پروگرامز استعمال کیا کرتا تھا (ایکس پی کمپیوٹر میں ابھی بھی ایک یوٹیلیٹی ایسی انسٹال ہے)۔ یا پھر چند ویب سائٹس پر جا کر یہ کیلکولیشنز کیا کرتا تھا۔ ونڈوز سیون میں اب یہ سب کنورژن آپ ونڈوز سیون کے کیلکولیٹر کے اندر ہی انجام دے سکتے ہیں۔ دیکھیں Unit conversion کا سکرین شاٹ۔




اگلا فیچر ہے **Date Calculation** کا۔ تاریخ کا حساب کتاب کرنا ہمیشہ ایک پیچیدہ کام رہا ہے۔ مثال کے طور پر کبھی ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ایک واقعے کے کتنے سال، کتنے مہینوں اور کتنے دن بعد دوسرا واقعہ پیش آیا۔ یا پھر آج کی تاریخ یا کسی پرانی تاریخ میں اتنے دن جمع یا تفریق کیے جائیں تو کونسی تاریخ بنتی ہے۔ اس کام کو ہم جب دماغ سے کرتے ہیں تو کئی مرتبہ **مُفت میں چکرانے کا موقع** میسر آ جاتا ہے۔ چونکہ اس دور میں کوئی چیز مفت نہیں ملتی، اسی لئے آپ کو چکرانے بھی نہیں دیا جائے گا۔ یہ ساری کیلکولیشنز اب آپ **Date Calculation** کے فیچر میں کریں گے۔ دیکھیں سکرین شاٹ





اب ہم ذکر کریں گے **View** مینیو میں موجود آخری آپشن یعنی **Worksheets** کا۔ اس کے اندر

چار آپشنز ہیں، جن میں سے پہلی آپشن Mortgage کی ہے۔

Mortgage کے فیچر کے اندر آپ کو چند متعین مقداریں فراہم کرنی ہوتی ہیں۔ اور ان مقداروں کی بنیاد پر Mortgage کا فیچر آپ کے لئے ڈاؤن پیمنٹ، ماہانہ پیمنٹ، پرچیز پرائس جیسی کیلکولیشنز با آسانی پرفارم کر دیتا ہے۔ دیکھیں سکرین شاٹ




اس سے اگلی آپشن ہے Vehicle Lease کی۔ گاڑیوں کی لیز کی کیلکولیشنز کرنے کے لئے آپ پہلے lease value, residual value, periodic payment کی ویلیوز انٹر کریں گے۔ اس کے بعد انٹرسٹ ریٹ انٹر کریں گے۔ اور جیسے ہی کیلکولیٹ کے بٹن پر کلک کریں گے۔ فائنل ویلیو آپ کے سامنے فوراً نمودار ہو جائے گی۔ دیکھیں سکرین شاٹ



تیسری اور چوتھی آپشن بھی بہت فائدہ مند اور مزے کی ہیں، اور وہ ہیں Fuel economy کی آپشنز۔ Fuel economy کی آپشن کے استعمال سے آپ اپنے کسی بھی سفر کا فاصلہ، مکمل ایندھن کی کھپت (گیلن میں) اور فی میل ایندھن کی کھپت معلوم کر سکتے ہیں۔ تینوں میں سے جو بھی چیز آپ معلوم کرنا چاہیں، باقی دو کی معلومات دے کر با آسانی معلوم کر سکتے ہیں۔

تو دوستو! یہ تو تھا ونڈوز سیون کے کیلکولیٹر کے نئے فیچرز کا مکمل تعارف۔۔۔ بلکہ اس کو پوسٹ مارٹم کہہ دیا جائے تو میرے خیال سے بے جا نہ ہو گا۔

امید ہے کہ سیون کے کیلکولیٹر کے یہ سب فیچرز آپ کو پسند آئے ہوں گے۔ اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کیجئے گا۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ فی امان اللہ


Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~ All rights reserved

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔ امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! ہمارے پنجاب میں بھائی کو پائی یا پھر پرا بھی کہا جاتا ہے۔۔ اسی طرح وہ دوست جن کا کسی نہ کسی طرح میتھ سے واسطہ یا پالا پڑتا رہتا ہے، بخوبی جانتے ہیں کہ اُس میں بھی ایک پائی Pi ہوتا ہے۔ اور یہ پائی اتنا بورنگ ہوتا ہے کہ اس کی ویلیو مکمل کسی کو بھی یاد نہیں ہو پاتی۔۔ بس آسانی کی خاطر ہم اس کو 3.14 یاد کر لیتے ہیں۔ آج ہم اس چھوٹی سی ٹپ میں سیکھیں گے کہ ہم کس طرح ونڈوز سیون کے کیلکو لیٹر میں پائی کی مکمل ویلیو معلوم کر سکتے ہیں۔

جی تو سب سے پہلے کیلکو لیٹر کھولنے کے لئے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور پھر سرچ باکس میں calc ٹائپ کریں اور اینٹر کا بٹن دبا دیں۔ یا پھر رزلٹ میں نظر آنے والے کیلکو لیٹر کے آئیکون پر کلک کریں۔





اب آپ کے سامنے کیلکو لیٹر آن ہو جائے گا۔ اب مینیو بار میں View کے ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے Scientific کا انتخاب کر لیں۔ آسانی کے لئے آپ Alt+2 کے ذریعے بھی کیلکو لیٹر کا سائنٹیفک موڈ آن کر سکتے ہیں۔ دیکھئے سکرین شاٹ

Copyright Protected © ~I Am Hummad~ All Rights Reserved




اب جبکہ آپ سائنٹیفک موڈ میں موجود ہیں، تو کرنا آپ کو صرف اتنا ہے کہ اپنے کی بورڈ سے p کا بٹن دبائیں۔ درج ذیل سکرین شاٹ کی طرح پائی کی مکمل ویلیو آپ کے سامنے موجود ہوگی۔




اگر آپ نے پائی کی ویلیو کو کسی بہت بڑی رقم سے ضرب دینا ہو یا کیلکولیشنز کرنی ہوں تو یہ پائی کی مکمل ویلیو آپ کو بہترین نتائج تک با آسانی پہنچنے میں ضرور مدد دے گی۔۔ امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹی سی ٹپ آپ کو ضرور پسند آئی ہوگی۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ

Copyright Protected © ~I*Am*Hummad~ All Rights Reserved

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! انٹرنیٹ ایکسپلورر مائکروسافٹ کی زیرنگرانی چلنے والا براؤزر ہے۔۔اگرچہ فائر فاکس اور گوگل کروم نے بہت سے لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کی ہوئی ہے،مگر ونڈوز کے ساتھ ڈیفالٹ براؤزر کے تحت خود بخود انسٹال ہوجانے کی وجہ سے کمپیوٹر صارفین کی کافی تعداد ابھی تک انٹرنیٹ ایکسپلورر ہی استعمال کرتی ہے۔

ونڈوز سیون میں اس کا ورژن عام طور پر نائن 9 استعمال کیا جاتا ہے۔اگرچہ ونڈوز سیون پچھلی ونڈوز کے مقابلے میں بہت زیادہ منفرد اور مشہور ہونے والی ونڈو ہے۔۔مگر انٹرنیٹ ایکسپلورر نائن میں بہت سی خامیاں اور خرابیاں دیکھی گئیں۔اس کے علاوہ اس کے نئے انٹرفیس کی بدولت بھی بہت سے لوگ اس کو زیادہ پسند نہیں کرتے۔اور بھی ایسی بہت سی وجوہات ہیں،جن کے باعث بہت سے لوگ اس کو استعمال نہیں کرنا چاہتے۔۔گزشتہ دنوں ایک دوست دریافت کررہے تھے کہ اگر ونڈوز سیون انسٹال شدہ کمپیوٹر میں انٹرنیٹ ایکسپلورر نائن انسٹال ہو،تو کیا ہم اس کو ان انسٹال کر کے پچھلا ورژن استعمال کرسکتے ہیں؟۔۔خوش قسمتی سے اس سوال کا جواب ہاں میں ہے۔۔آئیں ہم بھی سیکھتے ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے۔

سب سے پہلے کمپیوٹر کے تمام پروگرامز کو بند کردیں۔۔جیسے سکول سے چھٹی کے وقت بیگ بند کیا جاتا ہے۔اب ٹاسک بار میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کیجئے اور سرچ باکس میں Programs and Features لکھ کر انیٹر کا بٹن دبادیں۔۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھئے سکرین شاٹ۔

Copyright Protected © All rights reserved ~I*Am*Hummad~





درج ذیل سکرین آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ جہاں سکرین کے بائیں جانب موجود ٹاسک پین میں سے View installed updates کی آپشن کا انتخاب کیجئے۔ دیکھیں سکرین شاٹ





دائیں جانب اَپ ڈیٹس کی ایک پوری لسٹ آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔ لسٹ میں سے Windows Internet Explorer 9 کو تلاش کیجئے۔ جہاں بھی ملے گولی مار دیجئے۔۔ سوری میں کہہ رہا تھا جہاں بھی نظر آئے اُس پر رائٹ کلک کیجئے اور Uninstall پر کلک کر دیجئے۔





اس کے بعد ایک نیچے والی سکرین کی طرح کی سکرین آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔



اس کا مطلب ہے کہ اَن اِنسٹال کا پروسیس جاری ہے۔ جیسے ہی یہ پروسیس ختم ہوگا۔ یہ سکرین آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔




چونکہ آپ پہلے ہی تمام پروگرام بند کر کے انٹرنیٹ ایکسپلورر کو اَن اِنسٹال کر رہے تھے تو کسی قسم کی کوئی فائل محفوظ کرنے والی نہیں ہوگی، چنانچہ اب آپ Restart Now پر کلک کر دیجئے۔ آپ کا کمپیوٹر ری سٹارٹ ہو جائے گا۔ جب کمپیوٹر ری سٹارٹ ہو جائے تو ڈیسک ٹاپ سے Internet Explorer 8 کے آئکون پر ڈبل کلک کیجئے۔ یا سٹارٹ مینیو میں All Programs کے اندر Internet Explorer 8 کو تلاش کیجئے۔ یا پھر سرچ باکس میں Internet Explorer لکھ کر انٹر کا بٹن دبا دیجئے۔ یوں آپ انٹرنیٹ ایکسپلورر میں داخل ہو چکے ہوں گے۔ اب انٹرنیٹ ایکسپلورر میں اوپر دائیں جانب موجود مینیو بار میں سے Help پر کلک کیجئے اور پھر About Internet Explorer کا انتخاب کیجئے۔ دیکھئے سکرین شاٹ




اگر آپ کو Internet Explorer 8 لکھا ہوا نظر آئے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ نے کامیابی سے Internet Explorer 9 کو اَن اِنسٹال کر لیا ہے۔ درج ذیل سکرین شاٹ آپ کو دکھائی

دے گا۔




اس ونڈو کو بند کرنے کے لئے او کے پر کلک کر دیجئے۔ اگر آپ انٹرنیٹ ایکسپلورر نائن کو کسی بھی وجہ سے استعمال نہیں کرنا چاہتے تھے اور اس کا پرانا ورژن ہی رکھنا چاہتے تھے تو امید ہے کہ آپ کو یہ ٹیوٹوریل ضرور پسند آیا ہوگا۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

**السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ**

دوستو! کیسے ہیں آپ؟۔امید کرتا ہوں بلکل خیریت سے ہوں گے۔ایمان،صحت،مزاج کی بہترین حالت انجوائے کر رہے ہوں گے۔اور کوئی نہ کوئی تو شایددددددد ہمیں یاد بھی کرتا ہوگا (مُسکراتے ہوئے)۔اللہ پاک آپ سب کو ہمیشہ اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین۔


دوستو! گزشتہ دنوں ایک دوست میرے پیچھے ہی پڑ گئے۔کہنے لگے کہ یار تم تو کہتے ہو ونڈوز سیون، ایکس پی کے مقابلے میں گرافکس کے حساب سے بھی نہایت خوبصورت ہے اور پرفارمنس کے حساب سے بھی بہت تیز ہے۔۔میں نے کہا، جی ہاں میں کہتا تو ضرور ہوں۔۔مگررررررر اس میں شک کیا ہے؟۔۔فرمانے لگے کہ "او چھوٹے سے معصوم بچے! میں نے ونڈوز ایکس پی میں بھی ہارڈ ڈسک کی ایک ڈرائیو سے دوسری ڈرائیو میں متعدد بار فائلز ٹرانسفر کر کے دیکھی ہیں، اوراب ونڈوز سیون میں بھی یہی عمل کر کے دیکھا ہے۔مگر ونڈوز سیون میں ایک ڈرائیو سے دوسری ڈرائیو میں فائلز، ایکس پی کے مقابلے میں بھی سُست روی کے ساتھ ٹرانسفر ہوتی ہیں"۔

ایک ہی لمحے میں میرے طوطے، مینے اور کبوتر سب پھُرڑڑڑڑ کر کے اُڑ گئے۔اور جب میں نے خود دونوں ونڈوز میں فائلز ٹرانسفر کرنے کا تجربہ کیا تو سیون میں رفتار مجھے بھی نسبتاً سُست محسوس ہوئی۔


دوستو! پھر کیا تھا، میرے لئے تو انا کا مسئلہ بن گیا تھا۔اس کا حل تلاش کرنا میں نے زندگی اور موت کا مسئلہ بنالیا۔اور الحمداللہ اس کا ایک چھوٹا سا حل تلاش کرنے میں کامیاب ہوگیا۔جس کے بعد فائلز کو ایک ڈرائیو سے دوسری ڈرائیو کے اندر منتقل کرنے کے دوران سپیڈ میں، میں نے واضح بہتری دیکھی۔آئیں اس تھریڈ میں ہم مل کے سیکھیں گے کہ **ونڈوز سیون میں فائلز اور پروگرامز کو ایک ڈرائیو سے دوسری ڈرائیو کے اندر کیسے تیز سپیڈ میں منتقل کیا جا سکتا ہے؟**

سب سے پہلے اللہ کا نام لیں اور ہاتھ دھو کر آئیں، تاکہ آپ کا ماؤس اور کی بورڈ میلا نہ ہو جائے۔ اب


ٹاسک بار میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور سرچ باکس میں Windows features لکھیں۔
اور نتیجے کے طور پر اوپر ظاہر ہونے والی آپشنز میں سے Turn Windows featureson
or off کی آپشن کا انتخاب کرلیں۔مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔




اب Windows features کے نام سے آپ کے سامنے ایک نئی ونڈو نمودار ہو جائے گی۔
یہاں آپ کو ڈھیر سارے ونڈوز کے فیچرز دکھائی دیں گے، جن کو آپ آن یا آف کر سکتے ہیں۔بلکل
بکرا منڈی کی طرح، جہاں موجود ڈھیر سارے بکروں میں سے ہم نے ایک بکرا سلیکٹ کرنا ہوتا ہے۔
دوستو! تھوڑا سا نیچے کی جانب سکرول کرنے پر آپ کو ایک فیچر Remote Differential
Compression دکھائی دے گا۔اس کو آپ un-check کر دیجئے۔یعنی اس کے ساتھ موجود
ڈبے کے اندر کلک کر کے اس میں سے ٹِک کا نشان ختم کر دیجئے۔اور پھر او کے کر دیجئے۔
مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔




اب آپ کے سامنے نیچے والی ونڈو نمودار ہوگی، جس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کی درخواست پر ایکشن لیا جا رہا ہے۔۔بس صبر بھائی کا دامن تھام کر رکھیں۔۔اتنی جلدی کس بات کی ہے؟ (مسکراتے ہوئے)۔




جیسے ہی یہ ونڈو، گدھے کے سر سے سینگ کی طرح غائب ہو جائے، تو آپ اپنی ونڈوز ری سٹارٹ کر لیجئے۔ اور اس کے بعد دوبارہ بڑی بڑی فائلز کو ایک ڈرائیو سے دوسری ڈرائیو کے اندر منتقل کر کے دیکھیئے۔ امید ہے کہ پہلے کی نسبت، سپیڈ میں اب ضرور واضح بہتری دکھائی دے گی، ان شاءاللہ۔

جی تو دوستو! امید کرتا ہوں، کافی عرصے بعد بننے والا یہ تھریڈ آپ کو پسند آیا ہوگا۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے۔ اور سب سے بڑھ کر اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کرتے رہیئے۔ یہ آپ کا فیڈ بیک ہی ہے جس کی بدولت مجھے اپنی خامیوں سے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ دوسروں کو بھی خوش رکھیں۔ اور خود بھی خوش رہیں، مگر اپنے خرچے پر۔ مجھے دیجئے اجازت۔ فی امان اللہ

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! اگر آپ کو خدشہ ہے کہ آپ کے ونڈوز سیون استعمال ہونے والے کمپیوٹر میں میموری کا کوئی مسئلہ ہے۔لیکن اصل مسئلے کا پتہ بھی نہیں لگ پا رہا تو ایسی صورتحال میں Windows Memory Diagnostics یوٹیلٹی کا استعمال بہت فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ یوٹیلٹی آپ کو باہر کے کسی لنک سے ڈاؤنلوڈ نہیں کرنی ہوگی۔ بلکہ یہ ونڈوز سیون میں ہی built-in ہوتی ہے۔

آئیں دیکھتے ہیں کہ اس بلٹ اِن یوٹیلٹی تک کیسے رسائیں حاصل کریں اور اس کو کیسے استعمال کریں۔


سب سے پہلے آپ کمپیوٹر پر جن بھی پروگرامز میں کام کر رہے ہیں اُن کو یا اُن کی فائلز اور ڈاکومینٹس کو سیو کرلیں، کیونکہ اگلے سٹیپس میں آپ کو ونڈوز کو ری سٹارٹ کرنا پڑے گا۔

اب سٹارٹ مینیو میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں۔ پھر سرچ باکس میں mdsched.exe لکھ کر انٹر کا بٹن دبا دیں یا پھر سرچ رزلٹس میں سے mdsched کا انتخاب کریں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔





ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ اس میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ میموری کی پروبلمز کو ابھی چیک کرنا چاہتے ہیں یا پھر اگلی دفعہ جب کمپیوٹر ری سٹارٹ ہو، تب چیک کرنا چاہتے ہیں۔ چونکہ


آپ پہلے ہی اپنی تمام فائلز اور ڈاکومینٹس کو سیو کر چکے ہیں تو آپ پہلی آپشن کا انتخاب کر لیجئے۔ مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ




اب آپ کو اس طرح کی سکرین دکھائی دے گی۔




چند منٹ میں یہ پروسیس مکمل ہو جائے گا اور آپ کا کمپیوٹر ری سٹارٹ ہو جائے گا۔ اور جب دوبارہ آپ کا کمپیوٹر ری سٹارٹ ہو گا تو میں امید کرتا ہوں کہ ٹاسک بار کے بلکل دائیں جانب اس طرح کا میسیج آپ کے سامنے نمودار ہو گا۔ جس کا مطلب ہو گا کہ آپ کے کمپیوٹر کی میموری میں کوئی مسئلہ نہیں





اگر اس کی بجائے کوئی اور میسیج نمودار ہو، تو آپ کو اپنے **کمپیوٹر کنسلٹنٹ** یا **قریبی کمپیوٹر سپیشلسٹ** سے رابطہ کرنا پڑے گا۔ تو امید کرتا ہوں کہ یہ ٹیوٹوریل آپ کو پسند آیا ہو گا۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ

Copyright Protected © -I*Am*Hummad-

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......


کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون استعمال کرتے ہیں تو اس طرح کی سکرین سے اکثر اوقات آپ کا سامنا ہوتا ہی رہتا ہوگا۔





جی ہاں بات ہو رہی ہے **ونڈوز ایرر رپورٹس** کی جو ہمیں کافی پریشان کرتی ہیں۔اور ایک عام یوزر کا جس سے کوئی لینا دینا نہیں ہوتا۔آئیں ہم سیکھتے ہیں کہ کس طرح ونڈوز سیون میں اِن رپورٹس کو **ڈِس ایبل** کیا جا سکتا ہے۔

سب سے پہلے ونڈوز سیون میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں۔۔ اور پھر سرچ باکس میں problem لکھیں، اور نتائج میں سے Choose how to report problems سلیکٹ کرلیں۔مزید رہنمائی کے لئے سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔



اب آپ کے سامنے نیچے والی ونڈو کی طرح کی ونڈو نمودار ہوگی۔ جس میں سے **Never check for solutions (not recommended)** کی آپشن کا انتخاب کر کے اوکے کر دیجئے۔





اگرچہ مائکروسافٹ ایسا کرنے کو ریکومینڈ نہیں کرتا۔۔ تاہم میری طرح کے ایک عام یوزر کو چونکہ رپورٹ کرنے سے اکثر غرض نہیں ہوتی، تو اس کو ڈس ایبل کرنے کا کم سے کم یہ فائدہ ضرور ہوتا ہے کہ ہر وقت ایک ہی ایرر دیکھ کر اُکتانا یا پریشان نہیں ہونا پڑتا۔۔ تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ ٹپ آپ کو پسند آئی ہوگی۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اورکوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! آپ ونڈوز کے ٹاسک مینیجر کے بارے میں تو جانتے ہی ہوں گے۔ جہاں performance tab کے اندر آپ چیک کر سکتے ہیں کہ آپ کے کمپیوٹر اس وقت کس قسم کے پروسیس یا کام کے اندر مصروف ہے۔اور وہ سکرین کچھ یوں دکھائی دیتی ہے۔





خیر اگر آپ اس کے بارے کچھ نہیں بھی جانتے تو کوئی بات نہیں، کیونکہ میں اس کے بارے میں بتانے بھی نہیں جا رہا۔لیکن اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس ونڈو میں موجود ڈیٹیلز سے بھی کچھ زیادہ ڈیٹیلز آپ کو حاصل ہوں۔اور آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کے کمپیوٹر میں موجود تمام دستیاب شدہ ریسورسز کو کونسا پروگرام اور کونسی چیز کس طرح استعمال کر رہی ہے۔آئیں سیکھتے ہیں Windows 7 Resource Monitor کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔

سٹارٹ مینیو میں سٹارٹ کے بٹن پر کلک کیجئے اور سرچ باکس میں RESMON لکھ کر اینٹر کا بٹن دبا دیں۔یا پھر رزلٹ میں سے resmon کے آئیکون پر کلک کر دیجئے۔دیکھئے سکرین شاٹ۔


Copyright Protected © As ~I*Am*Ahmad~




ریسورس مانیٹر کی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔۔ جہاں پر آپ باآسانی سی پی یو، میموری، اور ہارڈ ڈسک کے دستیاب ریسورسز کتنے، کہاں اور کس طرح استعمال ہو رہے ہیں، مکمل تفصیل سے چیک کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ نیٹ ورک کی ایکٹیویٹی بھی آپ مانیٹر کر سکتے ہیں۔




اگر آپ کسی بھی پروسیس کو روکنا چاہیں، سسپنڈ یعنی روکنا چاہیں، یا کوئی اور ایکشن لینا چاہیں تو بس پروسیس کے نام کے دائیں جانب موجود چیک باکس کو سلیکٹ کیجئے۔اور رائٹ کلک کر کے نئے کھلنے والی مینیو میں سے اپنی مرضی کی آپشن کا انتخاب کریجئے۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔





اس امید کے ساتھ کہ یہ چھوٹی سی ٹِپ بھی آپ کو پسند آئی ہو گی، میں چاہتا ہوں اجازت۔فی امان اللہ


# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! ڈیفالٹ طور پر ونڈوز کے پچھلے ورژنز کے مقابلے میں ونڈوز سیون کے ٹاسک بار نے اونچائی کے حساب سے نسبتاً زیادہ جگہ گھیری ہوتی ہے۔اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ٹاسک بار اور کوئیک لانچ ٹول بار میں مختلف بٹنز اور آئیکونز بڑے دکھائی دیتے ہیں اور خاص طور پر اگر کوئی یوزر ٹچ سکرین مانیٹر استعمال کرتا ہے تو اُس کے لئے اُن بٹنز کو پریس کرنا آسان ہو جاتا ہے۔مگر دوستو! ٹچ سکرین مانیٹر ہمارے ہاں بہت کم تناسب میں استعمال کئے جاتے ہیں۔اور تو اور بہت سے دوستوں کے مانیٹر کا سائز بھی کافی چھوٹا ہوتا ہے۔ایسے میں یہ ٹاسک بار اس قدر زیادہ جگہ گھیر لیتی ہے کہ دوسری ونڈوز اور پروگرامز کو اوپن ہونے کے لئے کم جگہ دستیاب ہوتی ہے۔ونڈوز سیون میں ٹاسک بار کو شرنک اور چھوٹا کرنے کی ایک آپشن دستیاب ہے۔اور ایسا کرنے سے آپ مانیٹر میں دیگر کاموں کے لئے اضافی پکسلز با آسانی حاصل کرسکتے ہیں۔




دوستو! آئیکونز کا سائز چھوٹا کرنے کے لئے آپ سب سے پہلے ٹاسک بار کے کسی خالی حصے میں رائٹ کلک کریں اور پروپرٹیز کا انتخاب کرلیں۔




آپ کے سامنے Taskbar and Start Menu Properties کے عنوان سے ایک
ئی ونڈو نمودار ہو جائے گی۔ یہاں سے آپ Taskbar کے ٹیب کے اندر Use small icons
کی آپشن کا انتخاب کرلیں۔اور پھر اوکے کا بٹن دبا دیں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔





جی دوستو! اب آپ دیکھ سکیں گے کہ ایک طرف تو آپ کی ٹاسک بار کے آئیکونز کا سائز چھوٹا ہو گیا ہو گا
اور ساتھ میں ٹاسک بار کی اونچائی یا چوڑائی بھی پہلے سے کم ہوگئی ہوگی۔اگر صرف آئیکونز رکھنے کی آپشن
رکھی ہو تو مجھے تو بڑے آئیکونز کے مقابلے میں چھوٹے آئیکونز ویسے بھی خوبصورت دکھائی دیتے ہیں۔
آپ بھی ٹرائے کریں۔اور مجھے اجازت دیں۔فی امان اللہ

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون کا استعمال کرتے ہیں تو آپ نے ٹاسک بار کے نئے فارمیٹ پر تو ضرور غور کیا ہی ہوگا۔ بلکہ سب سے پہلی تبدیلی جو دکھائی دیتی ہے وہ عام طور پر یہی ہوتی ہے۔ونڈوز سیون میں جب بھی ہم کوئی پروگرام اوپن کرتے ہیں تو اُس پروگرام کا صرف ایک چھوٹا سا آئیکون ٹاسک بار میں ظاہر ہوتا ہے، جو اگرچہ جگہ کم گھیرتا ہے، مگر کچھ دوستوں کو ایسا پسند نہیں ہوتا۔سکرین شاٹ دیکھیں۔




مگر دوستو! ونڈوز ایکس پی میں آپ کو صرف ان آئیکونز کی بجائے ایک مستطیل نما لمبا سا بٹن دکھائی دیتا تھا۔جس میں پروگرام کے آئیکون کے ساتھ، اُس کا نام بھی لکھا ہوتا تھا۔سکرین شاٹ دیکھیں




مگر دوستو! اوپر والا سکرین شاٹ ونڈوز ایکس پی کا نہیں ہے۔ بلکہ ونڈوز سیون کا ہی ہے۔یعنی کہ اگر آپ چاہیں تو اپنے ڈیسک ٹاپ کے آئیکونز پر مشتمل بٹنوں کو خوش قسمتی سے پرانے والے ایکس پی سٹائل میں بھی با آسانی تبدیل کر سکتے ہیں۔اگر آپ کو پہلے والا فارمیٹ زیادہ پسند تھا اور اُس کے مطابق سیٹنگز کرنا چاہتے ہیں تو ان سٹیپس پر عمل کریں۔۔

سب سے پہلے اپنی ٹاسک بار کے کسی بھی خالی حصے میں رائٹ کلک کریں۔رائٹ کلک مینیو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گا۔جہاں سے آپ پروپرٹیز کا انتخاب کرلیں۔دیکھیں سکرین شاٹ




ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ یہاں سے ٹاسک بار کے ٹیب کا انتخاب کرنے کے بعد Taskbar buttons کی آپشن کے ساتھ موجود Always Combine کے نام سے موجود بٹن پر کلک کرنے کے بعد دوسری آپشن یعنی Combine when taskbar is full کا انتخاب کرلیں۔ مزید رہنمائی اور سہولت کے لئے سکرین شاٹ دیکھیں۔




جی تو دوستو! اب آپ اپنی ٹاسک بار پہ غور کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ اب وہاں پر غیر تفصیلی اور چھوٹے آئیکونز کی بجائے ونڈوز ایکس پی کے ٹاسک بار کی جھلک آپ کو دکھائی دے گی۔ جہاں ہر کھلے ہوئے پروگرام کے آئیکون کے ساتھ اُس کا نام بھی مستطیل نما بٹن کی صورت میں آپ کے سامنے ہوگا۔




تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ چھوٹی سی ٹپ بھی آپ کو ضرور پسند آئی ہوگی۔ اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کیجئے گا۔ اور اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ فی امان اللہ۔

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبر کاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! ونڈوزسیون میں کوئیک لانچ ٹول بار ایک ایسی جگہ ہوتی ہے جہاں سے ہم کسی بھی پروگرام تک آسانی سے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ونڈوزسیون کی ٹاسک بار میں سٹارٹ بٹن کے بلکل ساتھ والا حصہ کوئیک لانچ ٹول بار کہلاتا ہے۔۔مزید آسانی سے سمجھنے کی خاطر سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔





آج ہم سیکھیں گے کہ ہم کس طرح کوئی بھی پروگرام باآسانی کوئیک لانچ ٹول بار میں ایڈ کر سکتے ہیں۔

سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں۔۔اُس کے بعد، جس پروگرام کو آپ نے کوئیک لانچ میں ایڈ کرنا ہے، اُس کا نام سرچ باکس میں اینٹر کریں۔آپ All Programs میں سے بھی اپنا مطلوبہ پروگرام سرچ کر سکتے ہیں۔جب آپ کے سامنے مطلوبہ پروگرام آجائے تو اُسے سٹارٹ مینیو میں متعلقہ جگہ سے Drag کرلیں۔یعنی ماؤس کی مدد سے اُس پر کلک کریں اور کلک کیئے رکھتے ہوئے کوئیک لانچ ٹول بار کی طرف ماؤس کو نیچے لانا شروع کردیں۔کوئیک لانچ ٹول بار پر اپنے ماؤس کو لاکر چھوڑ دیں۔۔یعنی فائل کو Drop کردیں۔


سکرین شاٹ میں دیکھیں کہ میں نے Windows Live Messenger کو کس طرح اوپر

سے ڈریگ کر کے، کوئیک لانچ ٹول بار میں ایڈ کیا ہے۔




اب آپ کے پسندیدہ پروگرام کا لنک کوئیک لانچ ٹول بار میں ایڈ ہو چُکا ہے۔۔جس پر ایک کلک کر کے آپ بار بار پروگرام کو ڈھونڈنے کی جھنجھٹ میں آئے بغیر اُس تک باآسانی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ :۔ اگر آپ کسی بھی پروگرام کو کوئیک لانچ ٹول بار سے ختم کرنا چاہیں، تو اُس کا طریقہ کار بھی نہایت آسان ہے۔بس مطلوبہ پروگرام پر رائیٹ کلک کریں اور پھر نظر آنے والی آپشنز میں سے ڈیلیٹ پر کلک کر دیں۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ





امید کرتا ہوں آپ کو کوئیک لانچ ٹول بار میں پروگرامز کو ایڈ اور ڈیلیٹ کرنے کا طریقہ کار پسند آیا ہوگا۔

اجازت دیجئے۔فی امان اللہ


# السلام علیکم ورحمته الله وبر کاته......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اورکوئی نہ کوئی تو شاید دددددھمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! ونڈوز سیون میں اگر آپ ہر جگہ فونٹ کا سائز بڑھانا چاہتے ہیں تو یہ صرف چند سٹیپس کا کام ہے۔
سب سے پہلے سٹارٹ مینیو میں ظاہر ہونے والے سرچ باکس میں **Display** لکھ کر **اینٹر کا بٹن** دبا دیں۔یا پھر ظاہر ہونے والے رزلٹ میں سے **Display** کا انتخاب کرلیں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔





اب جو ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی، یہاں سے آپ بائے ڈیفالٹ ٹیکسٹ جو کہ **small** ہوتا ہے، کو باآسانی **میڈیم** اور **لارج** میں تبدیل کرسکتے ہیں۔دیکھیں سکرین شاٹ





اگر آپ اپنی مرضی کی پرسینٹ ایج کے حساب سے سائز بڑھانا چاہتے ہیں تو بائیں جانب سکرین پر

موجو Set custom text size پر کلک کریں۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




یہاں کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی، جہاں سے آپ جتنا مرضی سائز بڑھانا چاہیں بڑھا سکتے ہیں۔ (سکرین شاٹ میں، میں نے فونٹ کا سائز **دو سو فیصد** کر دیا ہے۔)




**او کے** کرنے کے بعد، دوبارہ آپ پچھلی سکرین پر واپس چلے جائیں گے۔ وہاں پر **اپلائے کا بٹن** دبانے سے آپ کو ونڈوز سیون لاگ آف کرنے کا کہے گی۔ یاد رہے کہ تبدیلی قابل عمل کرنے کے لئے آپ کو اپنا اکاؤنٹ لازمی لاگ آف کر کے دوبارہ سے لاگ ان کرنا پڑے گا۔

اکاؤنٹ ری سٹارٹ کرنے کے بعد جب آپ کوئی ڈاکومینٹ یا انٹرنیٹ استعمال کرنے کے لئے براؤزر بھی اوپن کریں گے تو تبدیلی آپ کے سامنے ہوگی۔ فونٹ سائز اب آپ کے سیٹ کردہ سیٹنگ کے مطابق **بڑا** دکھائی دے گا۔ اور اب آپ کی آنکھوں میں بوجھ بھی پہلے سے کم پڑے گا۔ کمپیوٹر چلاتے ہوئے جو سر درد ہوتا ہے، وہ بھی کم ہو جائے گا۔ اور آپ ہنسی خوشی اپنا کمپیوٹر استعمال کیا کریں گے۔


نوٹ:۔ آپ کی مانیٹر کی سکرین اور پکسلز کے مطابق یہ بھی عین بلکہ مین ممکن ہے کہ زیادہ بڑا سائز آپ کے مانیٹر کی سکرین پر فٹ نہ آئے۔ ایسی صورت میں فونٹ سائز میں اضافہ سکرین کے سائز اور پکسلز کی تعداد کو دیکھ کر کریں۔ امید کرتا ہوں کہ یہ ٹپ آپ کو ضرور پسند آئی ہوگی۔ اپنی فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اجازت دیں۔ فی امان اللہ

Copyright Protected © I*Am*Hummad

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہو نگے۔انشاءاللہ

دوستو!اگر آپ ونڈوز سیون میں سٹارٹ مینیو میں موجود کسی چیز کو**Rename** کرنا چاہتے ہیں تو یہ ٹپ آپ کے لئے لے کر حاضر ہوا ہوں۔اس کا طریقہ بہت آسان ہے۔فرض کریں کہ آپ**Games** کو **Entertainment** میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔تو بس کرنا یہ ہے کہ سٹارٹ پر کلک کرنے کے بعد **Games** پر رائٹ کلک کریں۔




اس کے بعد جیسا کہ اوپر والے سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے**Rename** کا انتخاب کریں اور**Games** کی جگہ **Entertainment** ٹائپ کریں۔لیں جی آپ نے باآسانی نام تبدیل کرلیا۔




اسی طرح آپ**Documents, Pictures, Music, Videos, Games** اور **Computer** وغیرہ اور اس کے علاوہ بھی جس چیز کو چاہیں ری نیم کرسکتے ہیں۔اس امید کے ساتھ یہ ٹپ آپ کو پسند آئی ہوگی،میں اجازت چاہتا ہوں۔


اللہ حافظ

# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے، اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! بہت سے دوست (بشمول میرے، میں بھی تو میں کا دوست ہی ہوں) سٹارٹ مینیو کی خوبصورتی پر بہت توجہ دیتے ہیں۔مگر ونڈوز سیون سے قبل سٹارٹ مینیو سے اپنی مرضی کے پروگرامز کو ریموو کرنا اتنا آسان کام نہیں تھا۔مگر ونڈوز سیون میں Remove from this list کے فیچر سے یہ کام نہایت آسان ہو کے رہ گیا ہے۔

کرنا آپ نے صرف اتنا ہے کہ سٹارٹ مینیو میں جو بھی پروگرام آپ کو پسند نہ ہو، اور آپ اُسے سٹارٹ مینیو میں نہ دیکھنا چاہتے ہوں، اُس پر رائٹ کلک کریں اور Remove from this list کی آپشن کو سلیکٹ کرلیں۔وہ پروگرام سٹارٹ مینیو سے غائب ہو جائیگا۔دیکھیں سکرین شاٹ۔





کسی بھی وقت پروگرام کو دوبارہ سٹارٹ مینیو میں واپس حاصل کرنے کے لئے پروگرامز میں اُس متعلقہ پروگرام کو ڈھونڈ کر، اُس پر رائٹ کلک کر کے اور Pin to Start Menu کی آپشن پر کلک کریں۔ یوں پروگرام واپس سٹارٹ مینیو میں آجائے گا۔امید کرتا ہوں چھوٹی سی ٹپ آپ کو پسند آئی ہوگی۔ ملتے ہیں کسی اور ٹپ کے ساتھ بہت جلد ان شاءاللہ۔دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔اجازت دیجئے۔فی امان اللہ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے۔انشاءاللہ

دوستو! ونڈوز ایکس پی کے کچھ یوزرز جب ونڈوز سیون میں منتقل ہوتے ہیں تو ان کو چند مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی لئے وقتاً فوقتاً ایسے یوزرز کے لئے ٹپس لاتا رہتا ہوں۔جی تو دوستو! ہوسکتا ہے گرمیوں کی یا سردیوں کی یا عیدین کی چھٹیاں ہوں اور آپ کے گھر مہمان آرہے ہوں۔اور آپ کا اندازہ ہو کہ وہ آپ کا کمپیوٹر بھی استعمال کریں گے۔اور کوئی کا کا یعنی بچہ وغیرہ آپ کے ڈیٹا کو کسی قسم کا نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔(ظاہر ہے ہر بچہ معصوم بچہ تو نہیں ہوتا نا)۔جی تو دوستو! ایسی صورتحال میں حل یہ ہے کہ آپ ونڈوز سیون میں **Guest Account** کو **enable** کرلیں۔اس کا طریقہ میں آپ کو یہاں بتا دیتا ہوں۔سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور اس کے بعد سرچ باکس میں **Guest Account** لکھ کر اینٹر دبا دیں۔جس کے بعد آپ **Manage Accounts** کی وِنڈو میں منتقل ہو جائیں گے۔ **Manage Accounts** میں **Guest** کے یوزر آئکون پر کلک کیجئے۔




اس کے بعد جو وِنڈو کھلے گی اس میں **Turn On** پر کلک کردیں





بس جی آپ نے **Guest Account** کو **enable** کردیا ہے۔بلکل انہی سٹیپس پر عمل کر کے آپ اس کو کسی بھی وقت ڈس ایبل بھی کرسکتے ہیں۔تو دوستو! اس امید کے ساتھ کہ آپ کو یہ ٹپ ضرور پسند آئی ہوگی، میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔اللہ نگہبان

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی!۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اورکوئی نہ کوئی تو شاید دددددہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔


دوستو! آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ جب آپ ڈیسک ٹاپ یا کسی فولڈر میں موجود کسی پروگرام، فائل یا فولڈر پر ماؤس لے کر جاتے ہیں تو اس پروگرام، فائل یا فولڈر کی معلومات پر مبنی کچھ انفورمیشنز آپ کے سامنے نمودار ہو جاتی ہیں۔ہم مائکروسافٹ ورڈ کی کسی ڈاکومینٹ کی مثال لے لیتے ہیں۔ جیسے ہی ہم اُس ڈاکومینٹ پر ماؤس لے کر جاتے ہیں تو بہت سی معلومات جیسے اُس فائل کا نام، اُس کی قسم، اُس کا سائز، اُس کی بننے کی تاریخ،اُس کے صفحات وغیرہ کی تفصیل آپ کے سامنے آجاتی ہے۔





کچھ لوگوں کو اِن تفصیلات کا سامنے آنا اچھا نہیں لگتا، یا ویسے ہی ان کے سامنے آنے کی وجہ سے چڑسی ہو جاتی ہے اور اس چڑچڑے پن کی اُن کے پاس معقول وجہ بھی ہوتی ہے۔ کیونکہ اگر آپ اوپر والے سکرین شاٹ میں دی گئی معلومات کے بارے میں دیکھیں تو اس فائل کا نام اس تفصیل کے بغیر بھی آپ کو معلوم ہے۔آئکون کی شکل دیکھ کر آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ ورڈ کی فائل ہے۔ چونکہ غالب گمان یہی ہے کہ یہ فائل آپ نے بنائی ہے یا کم سے کم استعمال تو ضرور کی ہے تو آپ کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ اس میں کتنے صفحات ہیں۔ صفحات کے لحاظ سے اس کا سائز بھی آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔اور فائل کب بنی تھی اس کا عام طور پر آپ سے کوئی لینا دینا ہوتا ہی نہیں۔تو دوستو! اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ معلومات ہر بار

ماؤس کے آئیکون کے اوپر سے گزرنے پر ظاہر نہ ہوں تو آپ کی اسی چاہت کو پورا کرنے کے لئے ونڈوز سیون کی یہ ٹپ پیش کر رہا ہوں۔

سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور سرچ باکس میں Folder Options لکھ کر انٹر کا بٹن دبا دیں۔ یا اوپر آنے والے رزلٹس میں سے Folder Options پر کلک کردیں۔




Folder Options کے نام سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ یہاں پر سب سے پہلے آپ درمیان والے ٹیب یعنی View tab کا انتخاب کرلیں۔ اس کے بعد Show pop-up description for folder and desktop items باکس کے ساتھ موجود چیک باکس کو اَن چیک یا اَن سلیکٹ کر دیں یعنی اُس کی سلیکشن ختم کر دیں۔ اور اس کے بعد اپلائے اور اوکے کردیں۔ اس کے بعد آپ کو یہ معلومات دکھائی نہیں دیں گی۔ دیکھیں سکرین شاٹ





تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ ٹپ آپ کو ضرور بھی پسند آئی ہوگی۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ


کیسے ہیں سب دوست؟۔امید کرتا ہوں ایمان، صحت ومزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے۔اللہ آپ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین۔

دوستو! جب آپ کمپیوٹر پر کام کر رہے ہوں اور آپ کو اچانک کسی بھی وجہ سے سسٹم کو ری سٹارٹ کرنا پڑ جائے تو ایسے میں دیگر پریشانیوں کے ساتھ ساتھ ایک یہ پریشانی بھی سامنے آتی ہے کہ دوبارہ سے ونڈوز چلنے کے بعد کمپیوٹر ری سٹارٹ ہونے سے پہلے کے کھلے ہوئے فولڈرز دوبارہ سے کھولنے پڑتے ہیں۔ظاہر ہے تمام فولڈرز کے نام اور لوکیشن زبانی یاد بھی نہیں رہ سکتی۔اور یہ وہ فولڈرز ہوتے ہیں جن پر ری سٹارٹ سے قبل آپ اکثر کوئی اہم کام کر رہے ہوتے ہیں۔ ہے نا پریشانی کی صورتحال؟۔اور ظاہر ہے دوستو! اس سارے پروسیس میں وقت بھی کافی لگ جاتا ہے۔مگر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ ونڈوز آپریٹنگ سسٹم اس مسئلے کا حل بتا تا ہے۔اور حل یہ ہے کہ جیسے ہی آپ ونڈوز کو ری سٹارٹ کریں گے تو ری سٹارٹ ہونے سے قبل کھلے ہوئے فولڈرز ایک بار پھر سے اوپن ہو جائیں گے۔

دوستو! اگر آپ ونڈوز سیون یا وسٹا کا استعمال کرتے ہیں تو سب سے پہلے ونڈوز ایکسپلورر اوپن کریں۔ اس مقصد کے لئے سٹارٹ مینیو کے سرچ باکس میں explorer لکھ کر اینٹر کا بٹن دبائیں۔یا کوئیک لانچ ٹول بار سے ونڈوز ایکسپلورر کا انتخاب کریں۔اور پھر ونڈوز اوپر آرگنائز کے بٹن پر کلک کر کے فولڈر اینڈ سرچ آپشنز کا انتخاب کرلیں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔




اب سیون اور وسٹا دونوں میں ایک ہی طرح کی ونڈو **Folder Options** کے نام سے آپ کے سامنے ظاہر ہوگی۔ یہاں سے **Restore previous folder windows at logon** کی آپشن کو سلیکٹ کرنے کے بعد اوکے کا بٹن دبا دیں۔




جی تو دوستو! اب جب بھی آپ کسی بھی وجہ سے کمپیوٹر کو ری سٹارٹ کریں گے۔ تو پہلے سے کھلے ہوئے فولڈرز ایک بار پھر سے آپ کے سامنے کھل کر ظاہر ہو جائیں گے۔ امید کرتا ہوں یہ ٹپ آپ کو ضرور پسند آئی ہوگی۔ اجازت دیجئے۔ فی امان اللہ۔

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے ۔انشاءاللہ

دوستو! آپ نے کبھی ونڈوز سیون کے ڈیسک ٹاپ میں نچلے حصے میں دائیں جانب چھوٹے چھوٹے نوٹیفیکیشن باکسز دیکھتے ہوں گے۔جو آپ کو مختلف چیزوں کے بارے میں مختلف معلومات جیسے کہ کسی نے آپ کو ای میل بھیجی ہے، یا ونڈوز اپ ڈیٹس ڈاؤنلوڈ کر رہا ہے وغیرہ وغیرہ دیتے ہیں۔

آج میں آپ کو یہاں نظر آنے والے **icons** اور **notifications** کو **mannage** کرنا سکھاؤں گا۔

اپنے **taskbar** میں **right-click** کریں۔اور **Properties** کو سلیکٹ کریں۔یہاں تسلی کر لیں کہ آپ نے اوپر دی گئی **tabs** میں سے **taskbar tab** کا انتخاب کیا ہوا ہے۔ **taskbar tab** میں آپ کو ایک جگہ **Notification area** لکھا نظر آئے گا۔**Notification area** میں موجود **Customize** کے بٹن کو کلک کریں۔آپ کو درج ذیل سکرین شاٹ کی طرح کی سکرین دکھائی دے گی۔




یہاں سے آپ ٹاسک بار میں موجود پروگرامز کے **notifications** کو با آسانی مینیج کر سکتے ہیں۔آپ کسی بھی پروگرام کے آئیکونز، نوٹیفیکیشنز وغیرہ کو **hide** یا **show** کر سکتے ہیں۔جب تک آپ کی تسلی نہیں ہو جاتی، تب تک ہر پروگرام کو **Customize** کریں اور آخر میں **OK** کر دیں۔امید ہے یہ ٹپ آپ کو پسند آئی ہوگی۔اجازت دیجئے۔

اللہ حافظ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے۔انشاءاللہ

دوستو! کیا آپ جانتے ہیں کہ Windows 7 میں ایک ایسی utility بھی ہے جس کے استعمال سے آپ system repair disk بنا سکتے ہیں۔اس کا فائدہ کیا ہوگا؟۔یہی سوال ہے نا آپ کے ذہن میں؟ جی دوستو! اس کا بہت اہم فائدہ ہے اور وہ یہ کہ اگر ایسی صورتحال پیش آجائے کہ آپ کسی وقت اپنے کمپیوٹر کو آن کریں تو آپ کو پتہ چلے کہ آپ کسی وجہ سے Windows کو boot نہیں کر سکتے، ایسی صورتحال میں system repair disk کا اہم ترین فیچر آپ کے کام آئے گا۔اور وہ اس طرح کے اس میں بہت سے اہم recovery tools شامل ہیں۔جو آپ کو کسی بڑے system error سے recover کرنے میں اور آپکے کمپیوٹر کو system image کے ذریعے restore کرنے میں مدد دیتے ہیں۔تو دوستو! ہے نا دلچسپ بات؟۔آئیں دیکھتے ہیں کہ ہم ونڈوز سیون میں کیسے System Repair Disk بنائیں گے۔

سب سے پہلے سٹارٹ مینیو میں Start پر کلک کیجئے۔اس کے بعد Search Box میں Create a System Repair Disk لکھ کر سرچ کی جئے۔سٹارٹ مینیو میں اوپر ایک نیا آئکون نمودار ہوگا۔اس نمودار ہونے والے آئکون پر کلک کیجئے۔

Create a System Repair Disk کے نام سے ایک نئی وِنڈو آپ کے سامنے کھل جائے گی۔

اب کوئی خالی CD/DVD اپنے CD/DVD Writer میں ڈالیں (اگر آپ کے پاس CD/DVD Writer یا خالی CD/DVD میں سے کوئی چیز موجود نہیں ہے تو پھر خرید لائیں۔معصوم بچے کی طرح سستی مت کیجئے)۔جی دوستو! CD/DVD ڈالنے کے بعد سکرین پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجئے۔





لیں جی! آپ نے کامیابی سے **System Repair Disk** بنالی ہے۔اب آپ کو جب بھی محسوس ہو کہ آپ کا کمپیوٹر کسی بھی وجہ سے **boot** ہونے کی حالت میں نہیں ہے تو صرف یہ **CD/DVD** استعمال کریں۔اور **boot** کے مرحلے میں پیش آنے والی مشکلات کا خاتمہ کریں۔

دوستو! میں امید کرتا ہوں کہ آپ کو ونڈوز سیون کا یہ فیچر ضرور پسند آیا ہوگا۔اجازت دیجئے۔اللہ حافظ

## ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ......


کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اور کوئی نہ کوئی تو شاید ددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! جولوگ ونڈوز سیون استعمال کرتے ہیں، وہ جانتے ہوں گے کہ جب بھی ہم ونڈوز ایکسپلورر کو اوپن کرتے ہیں تو ڈیفالٹ طور پر لائبریری کا فولڈر اوپن ہوتا ہے۔دیکھیں سکرین شاٹ۔





مگر بہت سے لوگ چاہتے ہیں کہ لائبریری کی بجائے My Computer کا فولڈر ڈیفالٹ طور پر اوپن ہوا کرے۔۔آئیں دیکھتے ہیں کہ کیا یہ ممکن ہے اور اگر ممکن ہے تو کیسے ممکن ہے۔سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں۔سٹارٹ مینیو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔سرچ باکس میں explorer لکھیں۔اورسامنے آنے والے رزلٹ میں windows explorer کے آئیکون پر رائٹ کلک کریں۔رائٹ کلک مینیو آپ کے سامنے بہت سی آپشنز کے ساتھ نمودار ہو جائے گا۔ان بہت سی آپشنز میں سے آخری آپشن یعنی properties کی آپشن منتخب کرلیں۔

مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




ونڈوز ایکسپلورر کی پروپرٹیز آپ کے سامنے نمودار ہو جائیں گی۔ یہاں پر shortcut کے ٹیب میں target کی فیلڈ کے اندر %SystemRoot%\explorer.exe لکھا نظر آئے گا۔ آپ اُس کے آگے ::{20D04FE0-3AEA-1069-A2D8-08002B30309D} لکھ کر اوکے کر دیں۔ دیکھیں سکرین شاٹ۔




اب جب بھی آپ ونڈوز ایکسپلورر اوپن کریں گے تو مائی کمپیوٹر کا فولڈر ہی اوپن ہوگا۔ بہت سے ونڈوز سیون کے صارفین کے لئے یہ ٹپ بہت مفید ثابت ہوگی۔ اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کیجئے۔ اور اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے۔ فی امان اللہ

Copyright Protected ~I Am Hummad~

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست؟ امید کرتا ہوں بلکل خیریت سے ہوں گے۔ اللہ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

ونڈوز صارفین استعمال کرنے والے صارفین جانتے ہیں کہ اس کے اہم ترین فیچرز میں سے ایک فیچر کسی تعارف کا محتاج نہی ہے۔ اور وہ ہے search box میں کسی بھی پروگرام کا نام سرچ کر کے اس کو باآسانی لانچ کرنے کا فیچر۔ جی ہاں مثال کے طور پر اگر میں نے فائر فاکس چلانا ہے۔ تو مجھے صرف search box میں firefox ٹائپ کرنا ہوگا۔ اور لسٹ میں ظاہر ہو جانے والے آئکون کو کلک کر کے باآسانی میں فائر فاکس چلا سکتا ہوں۔

لیکن دوستو! کیا آپ جانتے ہیں کہ کبھی کبھار آپ کو اتنی تھوڑی سی محنت بھی نہیں کرنی پڑتی۔

جی ہاں! دوستو آج کے بعد آپ نے ایک اور چیز ٹرائی کرنی ہے۔ اور وہ یہ کہ سرچ باکس میں کسی بھی پروگرام کے نام کا پہلا یا پہلے دو letters لکھیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ کئی پروگرامز کے لئے تو آپ کو اس کا پورا نام بھی لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی۔ جیسا کہ سرچ باکس میں صرف fi لکھ کر بھی میں فائر فاکس اوپن کر سکتا ہوں۔ اسی طرح اِنٹرنیٹ ایکسپلورر کو اوپن کرنے کے لئے بھی مجھے پورا نام لکھنے کی ضرورت نہیں بس in لکھنے سے ہی اس کا آئیکون ظاہر ہو جائے گا۔




اب محسوس کی جئے کہ کتنی آسانی سے پروگرام اوپن کیا جا سکتا ہے۔کیسی لگی یہ ٹپ امید کرتا ہوں پسند آئی ہوگی۔اجازت دیجئے۔اللہ حافظ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے۔انشاءاللہ

دوستو!عام طور پر جب آپ کوئی ہارڈ ویئر انسٹال کرتے ہیں تو ونڈوز اکثر اوقات خود بخود اس ہارڈ ویئر کا ڈرائیور انسٹال کر لیتی ہے۔(اگر انٹرنیٹ سے ونڈوز کو اس کا ڈرائیور مل جائے تو)۔ونڈوز سیون میں بھی جیسے ہی آپ ہارڈ ویئر لگاتے ہیں تو اکثر اوقات فوراً ہی اس کا ڈرائیور انسٹال ہو جاتا ہے۔

لیکن کئی دفعہ مینوفیکچرر کے ڈرائیور کو فوقیت دینا بہتر ہوتا ہے۔مثال کے طور پر آپ نے ایک ویڈیو کارڈ انسٹال کرنا ہے۔تو اس کے اصلی مینوفیکچرر کا بنایا گیا ڈرائیور، ونڈوز کے انسٹال کیئے گئے ڈرائیور سے کئی لحاظ سے بلاشبہ بہتر ہو گا۔
اگر آپ میری بات سمجھ گئے ہیں تو پھر آپ سوچ رہے ہوں گے کہ ہم ونڈوز سیون میں خود بخود ڈرائیورز کے انسٹال ہونے کے فیچر کو کس طرح ختم کر سکتے ہیں۔اس کا طریقہ میں بتا دیتا ہوں۔سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں۔اور پھر سرچ باکس میں **View advanced system settings** لکھ کر اینٹر کا بٹن دبا دیں۔

ایک نئی ونڈو نمودار ہو گی۔اس ونڈو میں **Hardware** کا **tab** سلیکٹ کرنے کے بعد **Device Installation Settings** پر کلک کریں۔




جیسا کہ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اس ونڈو سے آپ سیٹ کر سکتے ہیں کہ نئے ہارڈ ویئر کو **detect** کرنے کے بعد ونڈوز اس کو کیسے **react** کرے۔آپ میں سے کوئی دوست تو آٹومیٹک ڈرائیور انسٹال ہونے کو ہی ترجیح دیں گے۔لیکن اگر آپ ایسا نہیں چاہتے، اور اصل مینوفیکچررز کے ڈرائیورز انسٹال کرنا پسند کرتے ہیں تو بس **never install drivers softwares from windows update** پر کلک کریں۔اس امید کے ساتھ کہ آپ کو یہ ٹپ پسند آئی ہو گی۔مجھے اجازت دیجیئے۔اللہ حافظ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے۔انشاءاللہ

دوستو! کیا آپ ونڈوز وِسٹا اور سیون میں **Programs and Features** کی وِنڈو کے بارے میں جانتے ہیں؟۔یہ ایک ایسی جگہ ہوتی ہے جہاں سے آپ کوئی بھی پروگرام **uninstall** کر سکتے ہیں۔یااس کے بارے میں مکمل معلومات جیسے اس کا نام، ورژن، پبلشر کا نام وغیرہ معلوم کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ یہ بھی کہ یہ پروگرام کب انسٹال ہوا، اس کا سائز کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔

سب سے پہلے سٹارٹ پر کلک کیجئے اور سرچ باکس میں **Programs and Features** لکھ کر انیٹر کا بٹن دبا دیں۔اس کے بعد **Programs and Features** کی وِنڈو آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی۔


یہاں پر آپ لسٹ کے اوپر دیکھیں تو آپ کو **Name, Publisher, Installed** جیسی آپشنز کے نام لکھے نظر آئیں گی۔




اس کے بعد اس ونڈو میں رائٹ کلک کیجئے اور **More...** کو سلیکٹ کیجئے۔




اب آپ ایک نظر آپشنز پر ڈالیئے۔جونسی آپشن آپ دیکھنا چاہتے ہیں ان کو سلیکٹ یعنی **check** کرتے جائیں۔یہاں آپ کسی بھی پروگرام کے بارے میں ڈھیروں معلومات جیسے **source, location, registered owner** اور بہت کچھ دیکھ سکتے ہیں۔۔جب آپ اپنی مطلوبہ آپشنز کو سلیکٹ کر لیں گے تو اس کے بعد او کے پر کلک کر دیں۔





امید ہے کہ یہ ٹِپ آپ کو ضرور پسند آئی ہوگی۔اجازت دیجئے۔اللہ حافظ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے۔انشاءاللہ

دوستو! ونڈوز سیون استعمال کرنے والے چند دوستوں نے کہا کہ ان کو **Quick Launch bar** کی آپشن نظر نہیں آتی جو کہ ونڈوز ایکس پی یا وسٹا میں ٹاسک بار کے ایک حصے میں نظر آتی تھی۔جہاں سے اپنے پسند کے پروگرامز کے شاٹ کٹس بنا کے ان کو باآسانی ایکسیس کیا جاسکتا ہے۔آئیں آج سیکھتے ہیں کہ **Quick Launch bar** کو کیسے واضح کیا جائے ونڈوز سیون میں۔سب سے پہلے اپنے ٹاسک بار میں **Right-Click** کریں۔اس کے بعد **Toolbars** اور پھر **New toolbar** کو سلیکٹ کریں۔فولڈر کے خانے میں یہ ٹیکسٹ لکھ دیں

**%userprofile%\AppData\Roaming\Microsoft\Internet Explorer\Quick Launch** اور اس کے بعد **Select Folder** پر کلک کردیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔





اس کے بعد آپ کو اپنے کلاک کے ساتھ والا حصہ کچھ یوں دکھائی دے گا۔




یعنی اب آپ کو یہاں پر **Quick Launch** لکھا نظر آگیا۔لیکن ابھی ہماری تسلی نہیں ہوئی۔کیونکہ ہمیں **Quick Launch** لکھے کی بجائے آئیکونز نظر آنے چاہئیں۔اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے آپ **Quick Launch** پر رائٹ کلک

کیجئے۔Lock the taskbar کے ساتھ موجود چیک باکس پر سے چیک مارک ختم کر دیں۔یعنی uncheck کر دیں۔اب دوبارہ Quick Launch پر رائٹ کلک کیجئے اور Show Text اور Show Title کی آپشنز کو بھی uncheck کر دیں۔اس کے بعد تھوڑا سا احتیاط سے کام کرنا ہے۔اور وہ یہ کہ یہاں پر آپ کو ایک dotted line نظر آئے گی۔اس کو احتیاط سے تھوڑا سا باہر کی طرف کھینچ لیں۔تا کہ آپ کو آئیکونز زیادہ تعداد میں نظر آسکیں۔اس کے بعد آئیکونز کی جگہ پر ایک دفعہ پھر رائٹ کلک کیجئے اور Lock the taskbar کو دوبارہ check یعنی ٹِک لگا دیجئے۔اب آپ کو اس طرح کی شکل نظر آئے گی۔




یعنی اب آپ کی Quick Launch bar مکمل طور پر سلیکٹ ہو چکی۔اگر آپ کو ختم کرنا چاہیں تو بس ٹاسک بار پر رائٹ کلک کرنے کے بعد ٹول بارز کی آپشن میں سے Quick Launch کی آپشن کو uncheck کر دیں۔تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ آپ کو یہ ٹِپ ضرور پسند آئی ہو گی۔اجازت دیجئے۔اللہ حافظ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست؟۔امید کرتا ہوں بلکل خیریت سے ہوں گے۔اللہ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔آمین


دوستو!کیا آپ جانتے ہیں کہ ونڈوز سیون میں آپ جو بھی **terms** سرچ کرتے ہیں ان کو محفوظ کر سکتے ہیں۔اگر آپ اکثر اوقات ایک ہی قسم کی چیزیں سرچ کرتے ہیں تو یہ فیچر آپ کے لئے کافی فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔اس طرح آپ کو ہر دفعہ وہی سرچ **term** لکھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ہے نا حیرت انگیز بات؟۔تو آئیں دیکھیں کہ یہ کیسے ممکن ہے۔

سب سے پہلے **Windows Explorer** اوپن کریں۔**Windows Explorer** دو طرح سے اوپن کیا جاسکتا ہے۔آپ یا تو سٹارٹ مینیو میں **Start** پر کلک کرنے کے بعد **Computer** پر کلک کر کے بھی **Windows Explorer** چلا سکتے ہیں۔یا پھر سیدھے طریقے سے **Start button** کے اوپر موجود **Search Box** میں **Windows Explorer** لکھ کر بھی اس کو اوپن کر سکتے ہیں۔

جی تو دوستو!اب آپ کا **Windows Explorer** اوپن ہو چکا ہے۔**Windows Explorer** میں اوپر دائیں جانب آپ ایک باکس یعنی ڈبہ دیکھیں گے (مٹھائی کا نہیں)۔جی تو دوستو!اس باکس میں آپ کچھ بھی لکھ کر سرچ کر سکتے ہیں۔فرض کریں کہ میں جی پی ای جی امیجز سرچ کرنا چاہتا ہوں تو میں باکس میں **jpeg** لکھ دیتا ہوں




جب آپ کو سرچ کا رزلٹ نظر آجائے۔تو آپ **Windows Explorer window** کے بائیں جانب موجود بٹن **Save search** پر کلک کردیں۔



جی تو دوستو! اس کے بعد ایک اور وِنڈو کھل جائے گی جس میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کس نام سے اپنی سرچ کو محفوظ کرنا چاہتے ہیں۔ یہاں میں نے کچھ بھی بدلے بغیر **Save** پر کلک کر دیا۔

اب آپ اپنی محفوظ کی گئی سرچ کی ٹرم کو **Windows Explorer** میں بائیں جانب موجود کالم میں **Favorites section** کے اندر دیکھ سکتے ہیں۔ جیسا کہ نیچے والے سکرین شاٹ میں نظر آ رہا ہے۔




جی تو دوستو اب کبھی بھی مجھے دوبارہ **Jpeg** سرچ کرنا پڑا تو میں اوپر سکرین شاٹ میں موجود سرخ رنگ کے ہائی لائٹ کیے گئے ڈبے پر کلک کر دوں گا۔ اور مجھے اب **Jpeg** لکھنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ تو دوستو! کیسی لگی یہ ٹپ؟۔ امید کرتا ہوں آپ کو ضرور پسند آئی ہوگی۔ اپنے **feedback** سے ضرور آگاہ کیجئے۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ حافظ

# السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ


کیسے ہیں سب یار دوست؟۔امید کرتا ہوں کہ ایمان وصحت کی بہترین حالت میں ہونگے۔انشاءاللہ

دوستو! وِنڈوز سیون میں جب آپ سٹارٹ کے بٹن پر کلک کرتے ہیں تو آپ کو سامنے ڈاکومینٹس، پکچرز، میوزک وغیرہ کے لنکس نظر آتے ہیں۔جن کو کلک کرکے آپ ان کے متعلقہ فولڈرز میں باآسانی پہنچ جاتے ہیں۔لیکن دوستو! اگر آپ ویڈیوز دیکھنے کے شوقین ہیں، تو ان ویڈیوز کو دیکھنے کا لنک یہاں موجود کیوں نہیں ہے۔

اگر موجود نہیں ہے تو فکر نہ کریں، اس کو سامنے لے آتے ہیں کان پکڑ کے۔پریشان ہونے کی بھلا کیا ضرورت ہے۔تو جی ویڈیوز کے لنک کو اپنے سٹارٹ مینیو میں ڈالنے کے لئے سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر رائٹ کلک کیجئے اور پھر **Properties** کو سلیکٹ کیجئے۔یہاں پر آپ تسلی کرلیں کہ اوپر سے آپ نے **Start menu tab** کو سلیکٹ کیا ہوا ہے۔**Start menu tab** میں آپ کو ایک **Customize** کا بٹن نظر آئے گا۔اِس بٹن پر کلک کیجئے۔یہاں مختلف آپشنز نظر آئیں گی۔جن میں سے ایک **videos** کی آپشن بھی ہوگی۔اس آپشن کے نیچے دی گئی مزید آپشنز میں سے **Display as link** کو سلیکٹ کرلیجئے اور اوکے کردیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔




اب آپ جب بھی سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں گے تو پکچرز، میوزک وغیرہ کے لنکس کے ساتھ ویڈیو کے فولڈر کا لنک بھی آپ کا استقبال کررہا ہوگا۔





تو دوستو! ہے نا مزے کی ٹِپ۔اس کو انجوائے کیجئے۔مجھے اجازت دیجئے۔اللہ حافظ


# ......السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کیسے ہیں سب دوست، احباب، سجن، متر، سنگی، بیلی !۔امید کرتا ہوں کہ ایمان، صحت، مزاج کی بہترین حالت میں ہوں گے،اورکوئی نہ کوئی تو شاید دددددد ہمیں یاد بھی رکھتا ہوگا۔

دوستو! چھپے رستم کے بارے میں تو آپ جانتے ہی ہیں۔جیسے استاد بشیر کسی رُستم سے کم نہیں اور آپ کے لئے تو وہ چھپا ہوا بھی ہے۔تو یقیناً آپ اُسے چھپا رُستم کہہ سکتے ہیں۔مائکروسافٹ نے ونڈوز سیون میں ڈھیر سارے نئے فیچرز متعارف کروائے ہیں، جو پچھلے ورژنز میں نہ تھے۔ونڈوز کا استعمال کرتے ہوئے آپ اُن سے استفادہ حاصل کرتے ہی رہتے ہیں۔مگر اس کے باوجود بہت سے فیچرز ایسے ہیں جو خفیہ ہیں۔دراصل مجھے ونڈوز سے پنگے بازیاں لینے کی تھوڑی سی عادت پڑ گئی ہے۔جتنا پنگا لیتا ہوں اتنا علم میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔اب جو میں نے چیز معلوم کی ہے، اُس کے بارے میں پہلے میں نے کہیں سے سُنا بھی نہیں تھا۔ایک ایسی جگہ جہاں سے آپ ونڈوز سیون کے اضافی فیچرز کو آن اور اگر وہ آن ہوں تو آف بھی کر سکتے ہیں۔جی تو سب سے پہلے سٹارٹ کے بٹن پر کلک کریں اور سٹارٹ مینیو میں سرچ باکس کے اندر optionalfeatures لکھ کر اینٹر کا بٹن دبا دیں۔یا پھر سامنے آنے والے رزلٹ میں سے optionalfeatures کی آپشن کو سلیکٹ کریں۔دیکھیں سکرین شاٹ۔




لیں جی اب آپ کے سامنے Windows Features کے نام سے ایک نئی ونڈو نمودار ہوگئی ہے۔مزید رہنمائی کے لئے دیکھیں سکرین شاٹ۔




لسٹ میں بہت سے فیچرز آپ کے لئے نئے ہوں گے۔بس لسٹ دیکھتے جائیں۔اور جو جو آپشن آپ چاہتے ہیں کہ وہ آن ہو، اُس کے ساتھ موجود چیک باکس کو سلیکٹ کرلیں۔اور جس آپشن کو آپ چاہتے ہیں کہ وہ غائب ہوجائے،نظر نہ آئے یعنی آف ہوجائے تو اس کے ساتھ موجود چیک باکس کو اَن سلیکٹ کردیں۔اور آخر میں اوکے کا بٹن دبادیں۔

مثال کے طور پر ایک بار پھر اوپر والا سکرین شاٹ ملاحظہ کیجئے۔ جہاں میں نے گیمز کی آپشن کو اَن سلیکٹ کردیا ہے۔ کیونکہ تھرڈ پارٹی گیمز کی موجودگی میں اب میں ونڈوز کی بلٹ ان گیمز بلکل نہیں کھیلتا۔تو دوستو! امید کرتا ہوں کہ یہ مفید اور چھوٹی سی ٹپ بھی آپ کو پسند آئی ہوگی۔اپنے فیڈ بیک سے ضرور آگاہ کیجئے گا۔اجازت دیجئے۔فی امان اللہ